Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 26 جون 2025ء، 29 ذوالحجہ 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 96

عوام کی خدمت ہی ہمارا مشن ہے: مریم نواز

عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور گڈ گورننس کے اہداف کو ہر صورت پورا کیا جائے گا

عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور گڈ گورننس کے اہداف کو ہر صورت پورا کیا جائے گا' وزیراعلیٰ پنجاب سے سپیکر ملک احمد خان کی ملاقات، عوامی فلاحی بجٹ پیش کرنے پر مریم نواز سے اظہار تشکر

مریم نواز شریف نے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس اور عوامی فلاحی اقدامات کے لئے قائد نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کی روایت کو عمدگی سے آگے بڑھایا ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور گڈ گورننس کے اہداف کو ہر صورت پورا کیا جائے گا۔ مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی، وزیراعلیٰ نے بجٹ اجلاس کے کامیاب انعقاد پر ملک محمد احمد خان کو مبارکباد پیش کی۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے عوامی فلاحی بجٹ پیش کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے (بقیہ نمبر 6)

اظہر محمود کیانی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال کا معائنہ

وارڈز کا دورہ، مریضوں سے ملاقات، علاج معالجے کے حوالے سے سوالات کیے

ڈاکٹر کا رسپانس ہے وہ بہتر ہونا چاہئے اس سے میں مایوس ہوا ہوں، خصوصی گفتگو

چکوال (این این آئی) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب جنرل ریٹائرڈ ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال کا اچانک معائنہ کیا۔ مشیر صحت نے ہسپتال کے تمام وارڈز کا دورہ کیا اور مریضوں سے براہ راست (بقیہ نمبر 7)

بارودی سرنگ کا دھماکہ، چار افراد جاں بحق

چار افراد نواب علی، عامر حسین، ہدایت حسین اور منظر علی موقع پر جاں بحق، چار افراد محمد قونین، شفاعت حسین، حسن غلام ہسپتال لائے گئے

پارا چنار (این این آئی) پارا چنار ضلع کرم کے سرحدی علاقے پیواڑ شرم خیل میں بارودی سرنگ کے دھماکوں میں چار افراد جاں بحق چار زخمی ہو گئے زخمیوں کو پارا چنار میں طبی امداد دینے کے بعد پشاور روانہ کر دیا گیا ڈی پی او ضلع (بقیہ نمبر 10)

سرکاری و سفارتی پاسپورٹ پر ویزا کی شرط ختم

ابوظہبی میں 12 سال بعد اہم اجلاس، دونوں ممالک کے اسٹریٹیجک، اقتصادی اور ترقیاتی تعاون میں بڑی پیشرفت قرار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور امارات مشترکہ وزارتی کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سرکاری و سفارتی پاسپورٹ پر ویزا کی شرط ختم کرنے سمیت دیگر اہم فیصلے کیے گئے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 9)

نظر بندی قانون کو بحال کرنے کا تحریری فیصلہ جاری

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی سربراہی میں پانچ رکنی بنچ نے زینب عمیر کی درخواست پر تین صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نظر بندی کے قانون کو بحال کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں پانچ رکنی بنچ نے زینب عمیر کی درخواست پر تین (بقیہ نمبر 8)

جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ برانچ رجسٹری لاہور میں آٹومیشن اور ڈیجیٹل تبدیلی کے اقدامات کا جائزہ لینے سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فتنہ الخوارج سے جھڑپ میں شہید میجر معیز کی نماز جنازہ ادا، آرمی چیف کی شرکت

ہم شہدا کے قرضدار ہیں: فیلڈ مارشل

ہم اپنے شہداء کے احسانات کا بدلہ کبھی نہیں چکا سکتے، میجر معیز کی عظیم قربانی بہادری، ایثار اور حب الوطنی کی اعلیٰ ترین روایتوں کی مظہر ہے ہمارے شہدا کا خون ہماری قومی قوت کی بنیاد ہے

میجر سید معیز عباس شاہ (عمر 37 سال، ضلع چکوال کے رہائشی) کی نماز جنازہ چکلالہ گیریژن، راولپنڈی میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر وفاقی وزیر داخلہ کی شرکت

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ ہم اپنے شہدا کے احسانات کا بدلہ کبھی نہیں چکا سکتے، ہمارے شہدا کا خون ہماری قومی قوت کی بنیاد ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ شہید میجر سید معیز عباس شاہ کی نماز جنازہ راولپنڈی میں ادا کی گئی، انہوں نے جنوبی وزیرستان کے علاقے سرا روغہ میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے (بقیہ نمبر 12)

زرعی شعبے کو تبدیل کرنے کیلئے پرعزم ہیں: وزیراعظم

زرعی شعبے میں پائیدار اصلاحات سے ملکی معیشت کو مزید فروغ ملے گا، کھاد اور زرعی ادویات پر ٹیکس نہیں لگایا جا رہا،

زرعی شعبے میں اصلاحات سے فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور پیداواری لاگت میں کمی آئے گی، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ زراعت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور زرعی شعبے میں پائیدار اصلاحات سے ملکی معیشت کو مزید فروغ ملے گا، زرعی شعبے میں اصلاحات سے فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا اور پیداواری لاگت میں کمی آئے گی، زراعت کی ترقی کے لئے آئندہ بجٹ میں کھاد اور زرعی ادویات پر ٹیکس نہیں لگایا (بقیہ نمبر 18)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

چیف جسٹس پاکستان کا سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن لاہور کا دورہ

مقدمات کی ڈیجیٹل فائلنگ کو اپنائیں: چیف جسٹس

ان کی آمد پر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جناب سلمان منصور اور دیگر معزز وکلاء نے پرتپاک استقبال کیا

سپریم کورٹ برانچ رجسٹری لاہور میں ایک فزیبلیٹی کی بنیاد پر فیسلیٹیشن سینٹر کے قیام کا اعلان،، یہ سینٹر وکلاء اور سائلین کیلئے ایک ون ونڈو سروس فراہم کرے گا

قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان کے تحت ایک نئی اسکیم کا آغاز، مالی طور پر کمزور سائلین کو ریاستی خرچ پر وکلاء کی معاونت فراہم کی جائیگی

سپریم کورٹ برانچ رجسٹری لاہور میں ایک فزیبلیٹی کی بنیاد پر فیسلیٹیشن سینٹر کے قیام کا اعلان، یہ سینٹر وکلاء اور سائلین کے لیے ایک ون ونڈو سروس فراہم کریگا

جوشہری مرکوز، ڈیجیٹل طور پر مربوط اور کم لاگت عدالتی نظام کیلئے سپریم کورٹ کے عزم کا مظہر ہوگا' جسٹس یحییٰ آفریدی

لاہور (این ای این) معزز چیف جسٹس آف پاکستان، جناب جسٹس یحییٰ آفریدی نے آج معزز جناب جسٹس شکیل احمد اور معزز جناب جسٹس اشتیاق ابراہیم کے ہمراہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن لاہور کا دورہ کیا۔ ان کی آمد پر سپریم کورٹ بار ایسوسی (بقیہ نمبر 1)

بانی پی ٹی آئی کو اسکی بہن اور پارٹی نے ہی مائنس کر دیا: عظمیٰ بخاری

قدرت کا انتقام دیکھیں جو نواز شریف کو مائنس کرنے آیا تھا وہ خود گھر سے اور پارٹی سے مائنس ہو گیا

خیبر پختونخواہ کا صوبہ 12 سال سیکرپٹ ٹولے کے رحم و کرم پر ہے، پنجاب میرٹ، شفافیت اور گڈ گورننس میں مثالی صوبہ بن چکا

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی داخلی سیاست میں ایسی دراڑیں پڑ چکی ہیں کہ بانی پی ٹی آئی کو اب خود ان کی جماعت اور بہن نے ہی سیاسی منظرنامے سے مائنس کر دیا ہے، قدرت کا (بقیہ نمبر 2)

چیف ایگزیکٹو آئیسکو 27 جون 2025 فیس بک لائیو اور ٹیلی فون پر آئیسکو ریجن کے صارفین کی شکایات سنیں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان آئیسکو کی جاری پریس ریلیز کے مطابق چیف ایگزیکٹو آئیسکو محمد نعیم جان مورخہ 27 جون 2025 (بروز جمعہ) صبح 09:00 تا دن 11:00 بجے تک اسلام آباد۔ راولپنڈی سٹی۔ راولپنڈی کینٹ۔ (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قومی اسمبلی ملازمین کیلئے فلاحی اقدام، آسان قرض اسکیم کا اجرا

پارلیمنٹ ہاؤس میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی باقاعدہ تقریب منعقد ہوئی، قومی اسمبلی اور الائیڈ بینک کے اعلیٰ افسران اور عملے نے شرکت کی

جو ملازمین پارلیمنٹ ہاؤس الائیڈ بینک برانچ میں اکاؤنٹ رکھتے ہیں، گھر کی تعمیر، خرید، مرمت اور گاڑی کی خریداری کے لیے سہولت فراہم کرے گا

یہ قرض اسکیم کم آمدنی والے ملازمین کے لیے ایک انقلابی قدم ہے، جس سے وہ اپنا گھر بنانے یا خریدنے کا خواب شرمندہ تعبیر کر سکیں گے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (احمد ضمیر سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم اقدام کرتے ہوئے پارلیمنٹ ہاؤس میں قائم الائیڈ بینک کے تعاون سے آسان شرائط پر قرض اسکیم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں پارلیمنٹ ہاؤس میں مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کی ایک باقاعدہ تقریب منعقد ہوئی جس میں قومی اسمبلی اور الائیڈ بینک کے اعلیٰ (بقیہ نمبر 5)

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر کے فوری حل کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر کے فوری حل کے احکامات (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی پارلیمنٹ ہاؤس میں پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن میں اپنے دیئے گئے ظہرانے سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایس ایس پی آپریشنز کی زیر صدارت جرائم کے انسداد بارے اجلاس

اشتہاریوں کی گرفتاری یقینی بنانے، اسلحہ نمائش کیخلاف کارروائیوں کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت جرائم کے انسداد کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں (بقیہ نمبر 20)

RIU ،Rozee.pk نے صنعت اور تعلیمی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے

طلباء کو بااختیار بنانے اور تعلیم میں نئی جدت کے ایک نئے باب کا آغاز

ایم او یو پر روزی ڈاٹ پی کے، کے سی ای او ایس ایچ قاضی اور رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے چانسلر حسن محمد خان نے دستخط کیے

یہ اقدام نہ صرف طلباء کو بااختیار بنائے گا بلکہ مقامی اور عالمی سطح پر نئے راستے بھی کھولے

لاہور (سٹاف رپورٹر) Rozee.pk اور Riphah International University (RIU) نے یونیورسٹی کے گلبرگ کیمپس، لاہور میں مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کے ذریعے ایک اسٹریٹجک شراکت داری کو باقاعدہ شکل دی ہے۔ ایم او یو پر روزی ڈاٹ پی کے، کے سی ای او ایس ایچ قاضی اور رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے چانسلر حسن محمد خان نے دستخط کیے۔ یہ تعاون صنعت اور تعلیمی روابط کو بڑھانے، AI سے چلنے والے طلباء کی پروفائل کی ترقی کو فروغ دینے اور ای-سٹوڈنٹ پلیسمنٹ سینٹر کے قیام کی جانب ایک اہم قدم کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ اقدام نہ صرف طلباء کو بااختیار بنائے گا بلکہ مقامی اور عالمی سطح پر نئے راستے بھی کھولے گا اور انہیں روشن، زیادہ آزاد مستقبل کے لیے ضروری مہارتوں سے آراستہ کرے گا۔

Rozee.pk اور رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے گلبرگ کیمپس، لاہور میں مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

مذاکرات اور سفارتکاری ہی آگے بڑھنے کا بہترین راستہ ہیں، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ مذاکرات اور سفارتکاری ہی مسائل کے دیرپا حل کا موثر ذریعہ ہیں۔ مستقل مندوب عاصم افتخار سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ عالمی تناؤ اور کشیدگی کے پیش نظر بات چیت کی ضرورت (بقیہ نمبر 13)

اسمبلی میں احتجاج اپوزیشن کا حق ہے، ملک احمد خان بھچر

عمران خان ڈیل نہیں کریں گے، انکے کیسز میں کچھ بھی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ عمران خان ڈیل نہیں کریں گے، ان کے کیسز میں کچھ بھی نہیں، اسمبلی میں احتجاج اپوزیشن کا حق ہے، وزیراعلیٰ پنجاب اسمبلی آئیں تو بھرپور احتجاج کریں گے۔ (بقیہ نمبر 14)

سوئی ناردرن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب

پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، اسلام آباد، آزاد کشمیر، پاکستان آرمی، واپڈا، پولیس، ریلوے، پی او ایف واہ اور سوئی ناردرن گیس کی ٹیمیں مدمقابل ہونگی

اس ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 200 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں جن میں 140 مرد کھلاڑی اور 60 خواتین کھلاڑی شامل ہیں

سوئی ناردرن کے پہلا آل پاکستان بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے انعقاد کے موقع پر کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن نے پہلا آل پاکستان بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا ہے۔ اس ٹورنامنٹ میں ملک کے ممتاز ٹیمیں نمائندگی کر رہی ہیں جن میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، اسلام آباد، آزاد کشمیر، پاکستان آرمی، واپڈا، پولیس، ریلوے، پی او ایف واہ اور سوئی ناردرن گیس کی ٹیمیں مدمقابل ہونگی۔ اس ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 200 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں جن میں 140 مرد کھلاڑی اور 60 خواتین کھلاڑی شامل ہیں۔ ٹورنامنٹ کے اختتام پر کھلاڑیوں کو نقد انعامات دیے جائیں گے۔ اس وقت سوئی ناردرن گیس کرکٹ، بیڈمنٹن، ٹینس، سکواش، ماؤنٹینرنگ، کلائمبنگ اور دیگر کھیلوں کی سرپرستی کر رہی ہے۔ سوئی ناردرن گیس کے وائس پریذیڈنٹ سپورٹس سیل نے تمام مہمانان گرامی، کھلاڑیوں، کوچز، ریفریز اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا، جنہوں نے دن رات محنت کر کے (بقیہ نمبر 4)

ویپ پروڈکٹس کی دوکانیں تاحکم ثانی ڈی سیل کرنے کا حکم

پنجاب حکومت کے لاء افسر کو جواب جمع کروانے کیلئے 3 جولائی تک کی مہلت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ویپ پروڈکٹس کا کاروبار کرنے والوں کو عبوری ریلیف دیتے ہوئے ویپ پروڈکٹس کی دوکانیں تاحکم ثانی ڈی سیل کرنے کا حکم دیدیا جبکہ انتظامیہ کو ویپ پروڈکٹس کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف تاحکم ثانی (بقیہ نمبر 15)

لاہور، وزیر تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ ملتان و ہاڑی اور ساہیوال کی زیر تعمیر شاہراہوں کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

مستحقین کی معلومات کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائیگا

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کی عالمی بینک کی ٹیم کے ہمراہ اہم اجلاس کی صدارت

بی آئی ایس پی اور صوبائی سماجی تحفظ کے اداروں کے مابین ڈیٹا شیئرنگ کے فروغ اور تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں عالمی بینک کی ٹیم کے ہمراہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں بی آئی ایس پی اور صوبائی سماجی تحفظ کے اداروں کے مابین ڈیٹا شیئرنگ کے فروغ اور تعاون کو مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالمی بینک کی جانب سے محترمہ میلس گووین، لیڈ اکانومسٹ اور گلوبل لیڈ برائے سوشل پروٹیکشن ڈیلیوری سسٹمز نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی جبکہ عالمی بینک کے سینئر نمائندگان ڈاکٹر امجد ظفر خان اور جناب گل نجم جامی نے ذاتی طور پر اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیئرپرسن روبینہ خالد (بقیہ نمبر 3)

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کی عالمی بینک کی ٹیم کے ہمراہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مقدمات کی پیروی میں عدم دلچسپی

کیسز کی پیروی میں التواء مانگنے پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید پر اظہار

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مقدمات کی پیروی میں عدم دلچسپی، لاہور ہائیکورٹ نے کیسز کی پیروی میں التواء مانگنے پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید پر اظہار ناراضگی، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید چیف جسٹس کی عدالت پیش (بقیہ نمبر 16)

بجلی چوری کی روک تھام کے لئے بڑے منصوبے پر کام شروع

2200 صنعتی صارفین کے بلنگ میٹرز کو تبدیل کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے بجلی چوری کی روک تھام کے لئے بڑے منصوبے پر کام شروع کر دیا، سافٹ ویئر کی مدد سے بڑے پیمانے پر ہونے والی بجلی چوری کو روکا جائے گا، کمپنی نے منصوبے کے تحت 2200 صنعتی صارفین کے (بقیہ نمبر 17)

آگ بجھانے والے آلات کے نام پر پبلک میلنگ

بیسیوں تاجر ذہنی اذیتوں کا شکار

سول ڈیفنس کے شعبہ کی جانب سے ٹارگٹ کر کے تاجروں کو ہزاروں لاکھوں کے جرمانے راولپنڈی کی کورٹس میں طلب کرنے پر تاجر اذیت میں مبتلا

سٹی میں ہزاروں دکانیں موجود ہونے کے باوجود وہاں کسی کو جرمانے نہیں کیے گئے جبکہ گزشتہ کئی سالوں سے مطوعہ کے تاجروں کو لوٹا جا رہا ہے

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان آگ بجھانے والے آلات کے نام پر پبلک میلنگ بیسیوں تاجر ذہنی اذیتوں کا شکار، متعدد بڑے شہروں کو چھوڑ کر گوجر خان کے ایک چھوٹے سے بازار کو ٹارگٹ کر لیا گیا، لاکھوں روپے کے مجموعی جرمانوں کے بعد سپیشل مجسٹریٹس کے نام پر دلیلیں، مطوعہ روڈ کے تاجروں نے (بقیہ نمبر 21)

شدید بارش کے باعث آئیسکو کا ڈسٹری بیوشن سسٹم متاثر ہوا

کمپلینٹ سٹاف متاثرہ علاقوں کی بجلی بحال کرنے میں مصروف عمل ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی آئیسکو ترجمان کے مطابق ریجن بھر خصوصاً اسلام آباد، راولپنڈی اور گردو نواح میں شدید بارش کے باعث ڈسٹری بیوشن سسٹم متاثر ہوا۔ متعدد انڈر گراؤنڈ اور اوور ہیڈ فیڈرز پر فالٹ اور (بقیہ نمبر 22)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

عوام کو تھپیڑے مارتا مہنگائی کا عفریت

مقامی تھوک مارکیٹ میں ایک کلو چینی کی قیمت مزید دو روپے بڑھ گئی جبکہ درجہ سوم گھی کے 16 کلو کنستر کی قیمت میں 200 روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔ اسی طرح پرچون سطح پر ایک کلو برائلر چکن کے نرخوں میں 29 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ ایک سروے رپورٹ کے مطابق رواں ہفتے تھوک مارکیٹ میں چینی کے نرخ 176 روپے فی کلو اور درجہ سوم گھی کے کنستر کے نرخ سات ہزار چھ سو روپے ریکارڈ کئے گئے جبکہ برائلر چکن کے فی کلو نرخ 403 روپے تک پہنچ گئے۔

اگرچہ حکومتی عہدے داروں کی جانب سے ملکی معیشت کے استحکام کی جانب گامزن ہونے کے دعوے کرتے ہوئے عوام کو مہنگائی میں نمایاں کمی کی بھی نوید سنائی جاتی ہے مگر زمینی حقائق اس کے قطعی برعکس صورت حال کی عکاسی کرتے نظر آتے ہیں۔ بے شک اتحادی حکمران عوام کیغربت، مہنگائی، بے روزگاری کے مسائل پر فکرمند نظر آتے ہیں اور ان مسائل کے حل کیلئے کوشاں بھی ہیں اور اس حوالے سے حکومتی سیاسی اور عسکری قیادتیں بھی یکجہت ہیں تاہم مہنگائی کے عفریت نے بدستور عوام کا جینا دوبھر کیا ہوا ہے۔ مہنگائی کی اصل وجہ آئی ایم ایف کا بیل آؤٹ پیکج ہے جس کی ہر قسط کی ادائیگی سے قبل یہ عالمی ساہوکار ادارہ ہماری معیشت اور خودمختاری تک کو اپنی کڑی شرائط کے ساتھ باندھ دیتا ہے اور ہمارے حکمران اس کی ہر شرط من و عن قبول کرنے پر مجبور نظر آتے ہیں۔ رواں مالی سال کا بجٹ بھی آئی ایم ایف کی شرائط کے ساتھ باندھ کر ہی تیار کیا گیا ہے۔ جس کے لاگو ہونے کے بعد عام آدمی کو مزید مہنگائی کے جن تھپیڑوں کی زد میں آنا پڑے گا، اس کا تصور بھی کربناک ہے۔ اس تناظر میں راندۂ درگاہ عوام کو مہنگائی سے چھٹکارا ملنے کی کوئی امید نظر نہیں آرہی۔ اس کے علاوہ مختلف مافیاز بھی حکومتی گورننس کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا کر مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ تھوک مارکیٹ میں روزمرہ استعمال کی اشیا کے شتربے مہار بڑھتے نرخ عوام کے اقتصادی مسائل میں مزید اضافے کا ہی عندیہ دے رہے ہیں۔ اس سے عوام کا اضطراب بڑھنا اور ان کی جانب سے حکومت مخالف ردعمل کا اظہار بھی فطری امر ہوگا۔ اس تناظر میں حکمرانوں کو عوام کے لئے ریلیف کے محض دعوے کرنے کی بجائے فوری عملدرآمد کے متقاضی ٹھوس فیصلے اور اقدامات کرنے چاہئیں اور عوام کو اصل حقائق سے آگاہ رکھنا چاہئے تاکہ عوام کا اضطراب کسی غلط راستے کا رخ اختیار نہ کرے۔

ایران۔اسرائیل جنگ اور دوسری طاقتوں کی شمولیت

تحریر: شبیر حسین آزاد

ایران۔اسرائیل کے درمیان جنگ جاری ہے اور اب امریکہ بھی اس جنگ میں کود پڑا ہے، جو کہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ بین الاقوامی قوانین کی نہ تو امریکہ کو پرواہ ہے اور نہ اسرائیل کو، بلکہ اپنے مفاد کے لیے ہر قسم کا عمل جائز سمجھتے ہیں۔ ایران معاشی لحاظ سے بھی کمزور ہے اور دفاعی لحاظ سے بھی زیادہ مضبوط نہیں، لیکن دنیا کی مضبوط طاقتوں سے ٹکرا رہا ہے۔ اسرائیل یا امریکہ سے ٹکرانا کوئی معمولی بات نہیں بلکہ انتہائی خطرناک ہے۔ یہ درست ہے کہ ایران کو زبردستی جنگ کے میدان میں گھسیٹا گیا ہے، لیکن جوابی ردعمل اسرائیل سمیت پوری دنیا کے لیے حیران کن ثابت ہوا ہے۔ اسرائیل نے حملہ کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ایران کو چٹکیوں میں بھی مسلا جا سکتا ہے لیکن جوابی کاروائی نے اسرائیلیوں کی چیخیں نکال دیں۔ اسرائیل کو اتنی توقع نہیں تھی کہ ایران اتنا بھرپور جواب دے گا۔ ابھی تک اسرائیل کا اتنا نقصان نہیں ہوا جتنا ایران کا ہوا ہے، لیکن مقابلہ کیا جا رہا ہے۔ ایران میں تقریباً پونے سات سو افراد شہید ہو چکے ہیں اور ایک لاکھ کے قریب افراد بے گھر ہو گئے ہیں۔ شہید ہونے والوں میں بچے بھی شامل ہیں اور زخمی بھی ہوئے ہیں نیز کافی عمارتیں بھی تباہ ہو چکی ہیں۔ ایران ابھی تک میدان میں ڈٹا ہوا ہے اور نظر نہیں آتا کہ بعد میں پیچھے ہٹ جائے گا۔ اسرائیل اپنے مقاصد کے حصول تک جنگ جاری رکھنا چاہتا ہے۔ اتوار کے روز اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل ایران میں اپنے اہداف کے حصول کے بہت قریب پہنچ چکا ہے۔ دعوے کے مطابق ایران کے بلیسٹک میزائل پروگرام اور جوہری تنصیبات کو شدید نقصان پہنچایا گیا ہے۔ اسرائیل اپنے مقاصد کے حصول تک جنگ جاری رکھنا چاہتا ہے، لیکن طول دینے کے لیے بھی تیار نہیں۔ ایک اسرائیلی اخبار ٹائمز آف اسرائیل کے مطابق، اسرائیل خود کو طویل مدتی جنگ میں نہیں جانے دے گا لیکن اس کا یہ بھی مطلب نہیں کہ اہداف مکمل کرنے سے پہلے جنگ ختم کر دی جائے۔ جب تک اہداف مکمل نہیں ہوتے اس وقت تک جنگ جاری رہنے کا امکان ہے۔ اسرائیل کی مدد امریکہ کی طرف کی جا رہی ہے اور کئی دوسرے ممالک بھی مدد کرنے کے لیے تیار ہو چکے ہیں۔ یورپی یونین کے کئی ممالک اور دیگر کئی ممالک اسرائیل کی مدد کرنے کے لیے تیار ہیں اور ان کے مطابق اسرائیل دفاع کا حق رکھتا ہے، حالانکہ یہ جنگ اسرائیل نے خود ہی شروع کی ہے۔ مشرق وسطیٰ میں اسرائیل نے امن کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ اسرائیل بہت سے ممالک سے الجھ رہا ہے۔ اسرائیل کی تو عملی مدد کی جا رہی ہے لیکن ایران کی ابھی تک صرف زبانی ہمدردی کی جا رہی ہے۔ روس کی طرف سے کہا گیا کہ ہم ایران کے ساتھ ہیں۔ اس وقت عباس عراقچی روس کا دورہ کر رہے ہیں۔ ملاقات میں خطے کے امن کے لیے بات چیت ہوگی، لیکن اس بات امکان کم ہے کہ ماسکو ایران کی مدد کرے۔ ایک وجہ تو یہ ہے کہ یوکرین کی جنگ میں روس الجھا ہوا ہے، دوسرا روس اور ایران کے درمیان کچھ معاہدے ہیں، لیکن کہا جا رہا ہے کہ دفاعی معاہدہ شامل نہیں اس لیے ایران کی مدد کرنے کا ماسکو پابند نہیں۔ ہوسکتا ہے کوئی معاہدہ ہو اور روس مدد کرنے کے لیے تیار ہو جائے۔ تیسری وجہ یہ بھی ہے کہ ماسکو کی پالیسی یہ بھی ہے کہ ایران اور اسرائیل دونوں سے تعلقات بہتر رکھے جائیں اور امریکہ کے ساتھ بھی بہتر تعلقات ہوں۔ بہرحال ایران اگر ماسکو کو قائل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور امداد حاصل کر لیتا ہے تو امکان بڑھ جائے گا کہ اسرائیل کا مقابلہ زیادہ قوت سے کیا جا سکے۔ بہت سے ممالک کے سربراہان مذمت کے ساتھ ہمدردی کا بھی اظہار کر رہے ہیں، شاید وہ حقیقی امداد نہ کر سکیں۔ ایران کو اس وقت فوجی امداد کی سخت ضرورت ہے، فوجی امداد کے علاوہ خوراک، ادویات وغیرہ کی بھی ضرورت ہے۔ جنگ بہت سے مسائل پیدا کرتی ہے اور ایران مسائل میں مسلسل گھر رہا ہے۔ ایران بہت ہی کڑے وقت کا سامنا کر رہا ہے۔ امریکہ کی طرف سے مزید دھمکی بھی دی گئی ہے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ایک بیان دیا ہے کہ ہم نے ایران کا ایٹمی پروگرام تباہ کر دیا ہے، اگر ایران نے جواب دیا تو اس کا سخت ردعمل دیا جائے گا۔ پیٹ نے یہ بھی کہا کہ خطے میں امریکی مفادات کا تحفظ کریں گے۔ ایران نے امریکی حملوں کے بعد اسرائیل پر میزائل داغے ہیں اور تل ابیب سمیت پورے اسرائیل میں جنگی سائرن بج رہے ہیں۔ اسرائیل نقصان اٹھا رہا ہے لیکن اتنا نہیں کہ شکست کھا جائے۔ اس بات کا امکان بھی ہے کہ اسرائیل کو اگر مکمل طور پر شکست خوردہ نہ بھی کیا جا سکے تو اس کا زور ٹوٹ سکتا ہے۔ ایران اسرائیل جنگ کے اثرات پوری دنیا کی معیشت پر بھی پڑ رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز کو ایران بند کر سکتا ہے۔ دنیا کا تقریباً 20 فیصد تیل آبنائے ہرمز کے ذریعے دوسرے ممالک تک پہنچتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق تیل سے بھرے دو بحری جہاز آبنائے ہرمز کا راستہ تبدیل کر کے دوسرا راستہ اختیار کر چکے ہیں۔ اگر حالات اس طرح رہے تو تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہو سکتا ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ انسانوں کو قتل کیا جا رہا ہے۔ انسانی جان کی بہت ہی وقعت اور قیمت ہے، لیکن اسرائیل بلا جھجک قتل کر رہا ہے۔ آبنائے ہرمز کا راستہ بند کرنے کی وجہ سے فرانس سمیت کئی ممالک ایران پر حملہ کر سکتے ہیں۔ اگر دوسری طاقتیں اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران پر حملہ آور ہوتی ہیں تو اس بات کا امکان ہے کہ یہ جنگ عالمی جنگ میں تبدیل نہ ہو جائے۔ تیسری عالمی جنگ اگر شروع ہو گئی تو بے پناہ تباہی پھیلے گی۔ ایران کی زبانی کلامی ہمدردی کی بجائے حقیقی مدد کی جائے تاکہ وہ ظلم کا مقابلہ کر سکے۔ امن کے لیے ضروری ہے کہ ظالم کا ہاتھ روکا جائے۔

بے نیازی کی نعمت

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

خالق کائنات جب کسی خطے پر مہربان ہوتا ہے تو وہاں پر غیر معمولی صفات کے حامل شخص کو سورج کی طرح طلوع کرتا ہے اور پھر اس غیر معمولی انسان کے کردار اور علم کے نور سے جہالت میں غرق انسانیت صدیوں پرانے رنگ و نور میں ڈھالتی ہے خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ یا خطہ جہاں خدائے بزرگ برتر ایسے انسانوں کو انعام کے طور پر دنیا ہے ایسا ہی ایک دور یونان پر بھی آیا جب یونان دنیا بھر کی فکری و تہذیبی سیاسی و عسکری امامت کے منصب پر فائز تھا یونان میں ایک سے بڑھ کر ایک غیر معمولی انسان پیدا ہو رہا تھا ان میں سیاستدان مفکر جنگجو فلاسفر ریاضی دان اور صوفی ایک سے بڑھ کر ایک انسان شامل تھا اور پھر خدا نے تاریخ انسانی کا بے نیاز اور متوکل انسان پیدا کیا دیوجانس کلبی افسانوی شہرت کا حامل مجذوب فلسفی وہ آنکھوں سے محروم لیکن دل و دماغ سے روشن تھا اس کا ساتھی ایک کتا تھا جو اس کی راہنمائی کرتا اسی وجہ سے لوگ اسے کلبی کہتے تھے اس کی زندگی کے شب و روز زیادہ تر غور و فکر بے خودی کے عالم میں گزرتے وہ اپنے من میں جھانکنے کا آرٹ جانتا تھا اس نے من کی دنیا کو دریافت کر لیا تھا وہ دنیا میں رہتا ضرور تھا لیکن دنیا اس میں نہیں تھی نہ خود محلس آرائی کرتا اور نہ ہی کسی محفل کی رونق بنتا وہ اپنی تنہائی سے انجمن کا لطف لیتا وہ جذب کی مستی سے سرور لیتا ہر وقت عالم جذب و کیف کا لطف اٹھاتا ایک مٹی کا ٹب تھا جو اس کا گھر تھا اسی ٹب میں بیٹھے بیٹھے زندگی گزار دی اگر کوئی چل کر آجاتا تو اسے دانش و حکمت کا نور عطا کر دیتا ورنہ کسی کو بلا کر اپنے علمی مقام و مرتبے سے روشناس کرنے کی حماقت نہ کرتا اس کے ہر عمل سے بے غرضی بے نیازی ہی چھلکتی تھی ایک دن دوپہر کے وقت ہاتھ میں چراغ لے کر شہر کی گلیوں میں گھوم رہا تھا کسی نے دریافت کیا تو بولا میں انسانوں کے ہجوم میں حقیقی انسان کو تلاش کر رہا ہوں یہی وہ دور تھا جب ارسطو نے انسان کے بارے میں اپنا مشہور فلسفہ دیا تھا ارسطو کے بقول انسان ایسا جانور ہے جو دو ٹانگوں پر چلتا ہے اور اس کی قامت سیدھی ہے کیونکہ یہ علمی بیداری کا دور تھا اس لیے ارسطو کا یہ فلسفہ شہر کے کونے کونے میں گونج رہا تھا جہاں دو لوگ جمع ہوں وہ ارسطو کے اس فلسفے پر بات شروع کر دیتے ارسطو کے علم کے چرچے ہر زبان پر تھے ایک دن بے نیاز مجذوب ارسطو کی محفل میں آیا سامنے بیٹھا ایک مرغ نکالا مرغ کو زمین پر کھڑا کیا مرغ کی ٹانگیں زمین پر لگائیں دوسرے ہاتھ سے مرغ کی گردن پکڑ کر اس کی چونچ کو کھینچ کر اوپر کی طرف کیا اور کہا یہ ہے تمہارا انسان کیونکہ دیوجانس کلبی کا قلب و باطن روشن ہو چکا تھا اس لیے وہ کسی حد تک تو حید پرست بھی تھا اس کے بقول کائنات کی تمام چیزیں دیوتاں نے بنائی ہیں تو ان دیوتاں کو کس نے بنایا ہے جس نے ان دیوتاں کو بنایا ہے وہ دراصل اس کائنات کا حقیقی اکلوتا خالق ہے اور میں اسی خالق و مالک کو مانتا ہوں حقیقی خوشی کے بارے میں کلبی کا خیال یہ تھا کہ مادیت پرستی میں آپ جتنا غرق ہوتے جائیں گے اتنے ہی آپ حقیقی باطنی خوشی سے محروم ہوتے جائیں گے دنیا اور دنیا کا مال انسان کو حقیقی خوشی چھین لیتا ہے اگر انسان حقیقی خوشی سے ہمکنار ہونا چاہتا ہے تو اسے دنیا اور دنیا کی دولت سے کنارہ کشی اختیار کرنی ہوگی انسان کی خوشی کا تعلق اس کی آزادی بے نیازی سے ہے ہمارے بیوی بچے گھربار رشتے دار لوگ قوانین ضابطے رسم و رواج ہی ہماری خوشی کے راستے میں رکاوٹ ہیں انسان اگر حقیقی آزادی اور خوشی چاہتا ہے تو اسے اِن سب سے آزادی حاصل کرنا ہوگی انہیں چھوڑنا ہوگا انسان کی ضروریات بہت تھوڑی ہیں لیکن انسان نے اپنی ضروریات کو بہت زیادہ پھیلا لیا ہے حقیقی فاتح وہ نہیں جو اپنے اندر کے خوف کو شکست دے اپنے اندر کی رزائل کو ختم کرے اپنے اندر کی کثافت کو لطافت میں بدل دے کلبی نے دنیا سے کنارہ کشی کے لیے جنگل میں رہائش اختیار کر لی لوگوں سے پوچھا تمہیں جنگل کے جانوروں سے ڈر نہیں لگتا تو قہقہہ لگا کر بولا انسانوں کو انسان سے خطرہ ہے جانوروں سے نہیں انسان ایک دوسرے کے لیے زہر آلودہ ہیں اِن کے زہر سے بچو انسان کی درندگی ہزار درندوں پر بھاری ہے دنیا سے بے نیازی کا یہ عالم تھا کہ صرف ایک مٹی کا پیالہ اس کے پاس تھا جس سے وہ پانی پیتا اسی پیالے کو پیٹ بنا لیتا ایک دن اپنے شاگرد کے ساتھ ندی پر پانی پینے گیا وہاں پر ایک جانور آیا ندی کے پانی میں منہ رکھا پانی پیا اور واپس چلا گیا شاگرد نے یہ سارا منظر اور جانور کی حرکات اپنے محترم استاد کو بتائیں تو کلبی نے آہ بھری اور کہا اوتف ہو تم پر ایک جانور توکل میں تم سے آگے بڑھ گیا ہے تم ابھی تک خود کو ایک پیالے کی محتاجی سے آزاد نہیں کر سکے اسی وقت پیالا زمین پر مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے پیالے کے ٹکڑے ندی میں پھینک کر پیالے کی غلامی سے بھی آزاد ہو گیا دیوجانس کلبی بلاشبہ فطرت کا مسافر تھا سارا دن جنگل میں گھومتا فطرت کے ساتھ زندگی گزارتا شام کو اپنے کچے مٹی کے ٹب پر آکر لیٹ کر مراقب ہو جاتا مراقبے کی لذت سے لطف اندوز ہوتا ایک شدید سردی میں سورج کی گرم کرنوں سے لطف اندوز ہو رہا تھا کہ شہر کا سرکاری ہرکارہ اس کے پاس آتا ہے اور اطلاع دیتا ہے کہ سکندر پوری دنیا کو فتح کر کے واپس آرہا ہے کلبی نے ادائے بے نیازی سے سنا مسکرایا اور ایسا فقرہ بولا جو قیامت تک اس کی پہچان بن گیا اسی ایک فقرے نے پانچ ہزار سال بعد بھی کلبی کو زندہ رکھا ہے اس نے کہا انسان قناعت پسند ہو تو وہ مٹی کے ٹب میں بھی خوش رہ سکتا ہے اور اگر وہ لالچی ہو جائے تو پوری کائنات اگر اس کی جھولی میں ڈال دی جائے تو وہ بھی کم ہے محترم قارئین آج جب وطن عزیز کے دولت مندوں اور حکمرانوں کو دیکھتا ہوں تو ان پر ترس آتا ہے جن کے پاس غلاموں کی فوج پروٹوکول گاڑیوں کی لمبی قطاریں شاہی محلوں جیسے بنگلے فارم ہاسز کروڑوں کے بنک اکاؤنٹ سونے چاندی کے زیورات کی بھرمار دنیا جہاں کی ہر نعمت موجود ہونے باوجود کرپشن ختم نہیں ہو رہی لوٹ مار کا یہ سلسلہ پاگلوں کی طرح جاری ہے یہی وہ لوگ ہیں جن کی آنکھیں اور معدے لالچی مٹی سے بنے ہیں جو کبھی پر نہیں ہوتے لیکن جو بے نیازی کی دولت سے سرفراز ہیں دنیا اور حکمران ان کے سامنے غلاموں کی طرح کھڑے نظر آتے ہیں فاتح عالم سکندر جس کی فتوحات کا ڈنکا پوری دنیا میں بج رہا تھا زمین اس کے پاں میں لپٹتی اور دنیا اس کے سامنے سمٹتی چلی گئی اس کے گھوڑے کی ٹاپ سے زمین دھک اور تلوار کی آب سے دھرتی چمک رہی تھی وہ جب بھی یونان آتا ایک بار ضرور دیوجانس سے ملاقات کو جاتا کئی بار ملاقات نہ ہوتی ایک بار سکندر کلبی سے ملنے آیا تو شدید سردی کا موسم تھا کلبی اپنے ٹب میں عالم جذب میں دھوپ سے لطف اندوز ہو رہا تھا سکندر احتراماً کھڑا ہو گیا کچھ باتیں کیں اور جانے سے پہلے درخواست کی اے استاد محترم اگر لائق کوئی خدمت ہو تو حکم فرمایئے میں حکم بجا لا کر مسرت حاصل کروں گا مجذوب وقت بے نیاز مفکر نے بے نیازی سے دیکھا اور فاتح عالم سے کہا بس اتنی مہربانی کر دیجیے کہ آپ ذرا ایک طرف ہو جایئے آپ نے میری دھوپ روک رکھی ہے مجھے دھوپ سے لطف اندوز ہونے دیں اس پر سکندر کی ندامت اور خفت کا کیا عالم ہوگا بے نیازی وہ نعمت ہے جس کے پانے سے انسان ہر چیز سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

SHOWBIZ شوبز

عمران خان طویل عرصے بعد گرل فرینڈ کیساتھ منظرِ عام پر آگئے

دونوں نے میڈیا کے سامنے پوز دیے تو تمام تر توجہ انہی پر مرکوز ہوگئی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے معروف اداکار عامر خان کے بھانجے اور فلم ''جانے تو یا جانے نہ'' سے شہرت پانے والے اداکار عمران خان طویل عرصے کے بعد ایک عوامی تقریب میں نظر آئے۔ عمران خان نے گزشتہ شب اپنے ماموں کی فلم ''ستارے زمین پر'' کی خصوصی اسکرینگ میں شرکت کی، جہاں وہ اپنی ساتھی اداکارہ اور دوست لیکھا واشنگٹن کے ہمراہ جلوہ گر ہوئے۔ تقریب کے دوران جب دونوں نے میڈیا کے سامنے پوز دیے تو تمام تر توجہ انہی پر مرکوز ہوگئی۔ عمران خان نے نہ صرف اپنے ماموں بلکہ اپنی پرانی ساتھی اداکارہ جینیلیا ڈیسوزا کو بھی سپورٹ کرنے کے لیے تقریب میں موجود تھے۔

کرشمہ کپور نے زندگی کی 51 بہاریں دیکھ لیں

ان کی فلمیں، گیت اور کردار آج بھی مداحوں کے دل و دماغ میں رچے بسے ہوئے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی شہزادی کہلائی جانے والی اداکارہ کرشمہ کپور نے 25 جون کو اپنی 51 ویں سالگرہ منائی۔ 90 کی دہائی میں لاکھوں دلوں پر راج کرنے والی اس اداکارہ نے نہ صرف اپنی اداکاری بلکہ اپنی دلکش شخصیت، رقص اور اسٹائل سے بھی انڈسٹری پر انمٹ نقوش چھوڑے، ان کی فلمیں، گیت اور کردار آج بھی مداحوں کے دل و دماغ میں رچے بسے ہوئے ہیں۔ کرشمہ کپور کا تعلق بالی وڈ کے مشہور کپور خاندان سے ہے، ایک وقت پر ان کی منگنی بالی وڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن کے بیٹے ابھیشیک بچن سے ہوئی تھی۔

اداکارہ بننے پر رشتہ داروں کا قطع تعلق معمولی بات ہے، نوشین شاہ

معروف اداکارہ نوشین شاہ اپنے بیباک انداز اور بہترین اداکاری کیلئے جانی جاتی ہیں

کراچی (این این آئی) نوشین شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ اداکارہ بننے پر رشتہ داروں کا قطع تعلق معمولی بات ہے۔ اداکارہ و ماڈل نوشین شاہ نے ایک حالیہ انٹرویو میں شوبز انڈسٹری میں کام کرنے والی خواتین کے ساتھ معاشرتی رویوں پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ بعض اوقات اپنے قریبی رشتہ دار بھی اداکاراں سے قطع تعلق کر لیتے ہیں۔ معروف اداکارہ نوشین شاہ اپنے بیباک انداز اور بہترین اداکاری کیلئے جانی جاتی ہیں، انہوں نے ایک پروگرام میں گفتگو کے دوران بتایا کہ شوبز میں کام کرنے والی خواتین کو آج بھی شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

حسن کو شادی سے قبل 5 سال تک ڈیٹ کیا تھا، سنیتا مارشل

شوہر نے کبھی کام کرنے سے نہیں روکا مگر فیشن میں حدود رکھنے کا کہتے ہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کی اداکارہ سنیتا مارشل کا کہنا ہے کہ وہ لباس کے انتخاب میں احتیاط رکھتی ہیں کیونکہ ان کے شوہر بولڈ لباس پسند نہیں کرتے۔ حال ہی میں اداکارہ سنیتا مارشل ایک پوڈکاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی پر کھل کر بات کی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ فیشن کرتے وقت اس بات کا خیال رکھتی ہیں کہ ان کے کپڑے زیادہ بولڈ نہ ہوں کیونکہ ان کے شوہر کو یہ پسند نہیں البتہ ان کے شوہر حسن جو کہ خود بھی اداکار ہیں، نے انہیں کبھی کام کرنے سے نہیں روکا۔ سنیتا کا کہنا تھا کہ وہ خود بھی لباس پہنتے وقت احتیاط کرتی ہیں۔

آنجہانی گلوکار مائیکل جیکسن کو مداحوں سے بچھڑے 16 برس بیت گئے

لاس اینجلس (این این آئی) دنیا بھر میں موسیقی کے چاہنے والے آج آنجہانی گلوکار مائیکل جیکسن کی بری پرانیں خوب یاد کر رہے ہیں، جنہیں انتقال کیے 16 برس بیت چکے ہیں۔ کنگ آف پاپ کے نام سے مشہور مائیکل جیکسن کا انتقال 25 جون 2009 کو لاس اینجلس میں ان کے گھر پر دل کا دورہ پڑنے سے ہوا تھا۔ اس وقت وہ لندن میں اپنے کم بیک کنسرٹ سیریز ''دس از اٹ'' کی تیاریوں میں مصروف تھے، جو ان کی فنی زندگی کا نیا باب ثابت ہونا تھا، مگر ان کی اچانک موت نے پوری دنیا کو سوگوار کر دیا۔ مائیکل جیکسن کا شمار تاریخ کے سب سے عظیم فنکاروں میں ہوتا ہے، ان کے گانوں، ڈانس، اور اسٹیج پرفارمنس نے دنیا بھر میں مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کیے۔ ایک اندازہ کے مطابق مائیکل جیکسن کے 750 ملین سے زائد ریکارڈز دنیا بھر میں فروخت ہو چکے ہیں۔

بیٹا بالی وڈ میں گووندا سے بڑا نام کمائے گا، سنیتا

میں نہیں چاہتی کہ میرا بیٹا صرف اپنے باپ کے امیج سے جڑا رہے، سنیتا



ممبئی (این این آئی) 90 کی دہائی میں بالی وڈ پر راج کرنے والے مشہور اداکار گووندا کے بیٹے یش وردھن آہوجا جلدی ہی فلمی دنیا میں قدم رکھنے جا رہے ہیں۔ اس بات کا انکشاف گووندا کی اہلیہ اور یش کی والدہ، سنیتا آہوجا نے ایک حالیہ انٹرویو میں کیا، جہاں انہوں نے اپنے بیٹے کی محنت، تیاری اور اداکاری کے شوق پر روشنی ڈالی۔ سنیتا آہوجا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہیش بہت اچھی تیاری کر رہا ہے، وہ دل لگا کر محنت کر رہا ہے، وہ اچھا ڈانس کرتا ہے، اداکاری بھی خوب کرتا ہے اور بہت جلد، اگلے سال ہمیں وہ اسکرین پر نظر آئے گا۔

ماضی دوستیاں بھی تھیں اور افیئرز بھی کیے، اداکارہ روبی انعم

شادی سے پہلے بہت افیئرز تھے جن کے بارے میں شوہر کو بتایا ہے، پروگرام میں گفتگو

کراچی (این این آئی) اسٹیج ڈراموں کی معروف اداکارہ روبی انعم نے شادی سے قبل کیے گئے اپنے معاشقوں اور دوستی کے بارے میں اپنے شوہر کو بتا دیا تھا۔ نجی ٹیلی وژن کے ایک پروگرام میں روبی انعم نے کہا کہ میں نے کبھی اپنے افیئرز کو خفیہ نہیں رکھا، یہاں تک کہ اپنے شوہر کو بھی ماضی کے ان قصوں کے بارے میں بتا دیا تھا۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ نے بتایا کہ خاندان میں کوئی بھی ان کے اداکاری کرنے سے خوش نہیں تھا یہاں تک کہ ان کی منگنی بھی ختم ہوگئی تھی۔ روبی انعم نے بتایا کہ شادی سے قبل معاشقے بھی تھے اور دوستیاں بھی تھیں۔ ایک بار شادی شدہ مرد سے بھی عشق ہوگیا تھا لیکن امی نے وہاں شادی سے انکار کر دیا۔ اداکارہ نے مزید بتایا کہ میں نے شادی تاخیر سے کی، لیکن بے حد خوش ہوں۔

SPORTS سپورٹس

بنگلا دیش کا پاکستان کیخلاف ٹی ٹونٹی سیریز کے شیڈول کا اعلان

پاکستان کرکٹ ٹیم سیریز کھیلنے کے لئے 16 جولائی کو بنگلا دیش جائے

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف تین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم سیریز کھیلنے کے لئے 16 جولائی کو بنگلا دیش جائے گی، سیریز کا پہلا میچ 20 جولائی کو ڈھاکا کے شیر بنگلا نیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ 22 جولائی کو کھیلا جائے گا جبکہ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ 24 جولائی کو ڈھاکا میں ہوگا۔

قومی ہاکی ٹیم کی عمدہ کارکردگی نے خواتین ونگ کو بھی متحرک کر دیا

عمر رسیدہ خواتین کی بجائے نوجوان کھلاڑیوں کو مواقع دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے وفاقی و پنجاب حکومت کی نوجوانوں کو دیگر شعبوں کے ساتھ کھیلوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کی پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے اگلے ماہ ہونے والی قومی خواتین ہاکی چیمپئن شپ کے لئے 30 سال سے زائد عمر کی کھلاڑیوں کی شرکت پر پابندی کے فیصلہ کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی ایچ ایف کانگریس نے نوجوانوں کو قومی کھیل کی جانب متوجہ کرنے، معیار میں اضافے اور عمر رسیدہ کھلاڑیوں کو کوچنگ اور امپائرنگ سمیت دیگر شعبوں میں شمولیت کی ترغیب دینے کی غرض سے مرد و خواتین کھلاڑیوں پر یکساں طور پر اس پابندی کا اطلاق کیا تھا جس کی افادیت کو دیکھتے ہوئے بعد ازاں کرکٹ بورڈ سمیت کھیلوں کی دیگر تنظیموں نے بھی اختیار کیا۔ پاکستان ہاکی کو پی ایچ ایف کانگریس کے اس فیصلہ سے بے حد فائدہ پہنچا ہے جس کی مثال حالیہ ایف آئی ایچ نیشنز کپ میں قومی ٹیم کی شاندار کارکردگی ہے اور فیڈریشن اب خواتین ٹیم کو بھی انہی خطوط پر تیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور ایسا نوجوان کھلاڑیوں کی شمولیت سے ہی ممکن ہے جو 60 منٹ بھرپور قوت کے ساتھ میدان میں موجود رہیں جو عمر رسیدہ کھلاڑیوں کیلئے ممکن نہیں ہے۔ فٹنز کی کمی کے باعث خواتین کی قومی ہاکی چیمپئن شپ کا سات سال بعد کوئٹہ میں انعقاد ہو رہا ہے اس دوران متعدد انٹرنیشنل کھلاڑیوں کی شادیاں ہو چکیں اور اپنے بچوں کی کفالت میں مصروف ہیں تاہم ادارے خصوصاً واپڈا ٹیم جس میں زیادہ تر کھلاڑیوں کا تعلق لیسکو، فیسکو اور میپکو سے ہے کا موقف ہے کہ قانون کے مطابق ٹیم کا موجودہ کھلاڑی اس پابندی سے مستثنیٰ ہے جسے ذرائع کے مطابق یہ کہہ کر مسترد کر دیا گیا ہے کہ گزشتہ سات سال سے خواتین ہاکی ٹیم نے کسی انٹرنیشنل ایونٹ میں شرکت نہیں کی اس دوران انٹرنیشنل کھلاڑیوں کی اکثریت کی عمر 35 سال سے بھی زیادہ ہو چکی ہے جو مستقبل میں انٹرنیشنل مقابلوں کیلئے درکار فٹنس کا معیار حاصل نہیں کر سکتیں۔

لاہور: سپورٹس ڈپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام سپورٹس کمپلیکس لاہور میں ہاکی کی مینٹر کوچ ایمن خترجی بچوں کو ہاکی کی تربیت دے رہی ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

انگلینڈ سے پہلے ٹیسٹ میچ میں شکست، سنیل گواسکر کی بھارتی ٹیم پر تنقید

صرف کیچز ہی نہیں آؤٹ فیلڈنگ بھی بہت معمولی درجے کی تھی، فیلڈنگ ٹیسٹ کلاس کی نہیں تھی، بیان

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کپتان سنیل گواسکر انگلینڈ سے پہلے ٹیسٹ میچ میں شکست کے بعد اپنی ہی ٹیم پر برس پڑے۔

بقیہ 1

ایشن کے سیکریٹری جناب سلمان منصور اور دیگر معزز وکلاء نے پرتپاک استقبال کیا۔ معزز چیف جسٹس نے بار کا شکریہ ادا کیا اور نظام انصاف کی مؤثر عملداری میں وکلاء برادری کے کلیدی کردار کو سراہا۔ اس موقع پر ان کے معزز منصب سے سپریم کورٹ براہ راست رجسٹری لاہور میں ایک فزیبلیٹی کی بنیاد پر فیسلیٹیشن سینٹر کے قیام کا اعلان کیا گیا۔ یہ سینٹر وکلاء اور سائلین کے لیے ایک ون ونڈو سروس فراہم کرے گا، جو شہری مرکوز، ڈیجیٹل طور پر مربوط اور کم لاگت عدالتی نظام کے لیے سپریم کورٹ کے عزم کا مظہر ہوگا۔ معزز چیف جسٹس نے وکلاء برادری پر زور دیا کہ وہ مقدمات کی ڈیجیٹل فائلنگ کو اپنائیں تاکہ عدالتی کارروائیوں میں رفتار اور مؤثریت لائی جاسکے۔ انہوں نے قانون کی حکمرانی کے قیام میں بار کے لازمی کردار کو اجاگر کیا اور اس پیشہ ورانہ شعبے کے لیے بیچ کی گہری عزت اور احترام کا اعادہ کیا۔ ایک اہم پیش رفت کے طور پر معزز چیف جسٹس نے اعلان کیا کہ قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان کے تحت ایک نئی اسکیم کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت مالی طور پر کمزور سائلین کو ریاستی خرچ پر وکلاء کی معاونت فراہم کی جائے گی، خواہ ان کا مقدمہ مجسٹریٹ عدالت میں ہو یا سپریم کورٹ میں۔ اس اقدام کا مقصد ہر شہری کے لیے مساوی عدالتی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ سیکریٹری سپریم کورٹ بار ایسوی ایشن جناب سلمان منصور نے معزز چیف جسٹس کے دورے پر شکریہ ادا کیا اور بار کے مسائل کے حل کے لیے ان کی قیادت کو سراہا۔ انہوں نے فیسلیٹیشن سینٹر کے قیام کو خوش آئند قرار دیا اور عدالتی اصلاحات میں بار کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اس سے قبل معزز چیف جسٹس نے سپریم کورٹ براہ راست رجسٹری لاہور میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں عدالت کی آٹومیشن اور ڈیجیٹل تبدیلی کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے عدالتی عمل کے ہر مرحلے میں ٹیکنالوجی کے انضمام کی اہمیت پر زور دیا اور اس بات کو نمایاں کیا کہ ایسا نظام انصاف تشکیل دیا جائے جو مؤثر، شفاف اور عوامی ضروریات کے مطابق ہو۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (PITB) کے نمائندگان نے معزز چیف جسٹس کو لاہور ہائیکورٹ کے کامیاب ڈیجیٹل اقدامات پر بریفنگ دی اور اپنی پیش رفت کی جھلکیاں پیش کیں

بقیہ 2

انصاف دیکھیے، جو شخص نواز شریف کو مائنس کرنے نکلا تھا، وہ خود گھر اور پارٹی سے مائنس ہو چکا ہے۔ عظمی بخاری نے کہا کہ علیمہ خان مسلسل خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے خلاف سازشیں کر رہی ہیں اور آج علی امین نے خود بھی اپنے خلاف سازشوں کا کھل کر اعتراف کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر علی امین گنڈاپور بطور چیف ایگزیکٹیو صوبائی بجٹ نہ منظور کرواتے تو انہیں آئینی طور پر عہدہ چھوڑنا پڑتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ علیمہ خان کے حمایت یافتہ گروپ اور پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا ونگ علی امین گنڈاپور کے خلاف باقاعدہ مہم چلا رہا ہے۔ عظمی بخاری کے مطابق وفاقی سطح پر پی ٹی آئی تین گروپوں میں بٹی ہوئی ہے جبکہ خیبر پختونخوا میں بھی تین مختلف دھڑے سرگرم ہیں۔ ایک گروپ کی قیادت جنید اکبر کر رہے ہیں، دوسرا گروپ عاطف خان کے زیر اثر ہے اور تیسرا گروپ ان افراد پر مشتمل ہے جو پارٹی سے بغاوت کر چکے ہیں۔ عظمی بخاری نے مزید کہا کہ یہ صوبہ گزشتہ 12 برسوں سے غیر سنجیدہ اور کرپٹ عناصر کے رحم و کرم پر رہا ہے۔ انہوں نے پنجاب حکومت کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب آج میرٹ، شفافیت اور گڈ گورننس میں باقی تمام صوبوں کے لیے رول ماڈل بن چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز تمام وزرائے اعلیٰ میں کارکردگی کے لحاظ سے پہلے نمبر پر ہیں۔

بقیہ 3

نے ڈیٹا شیئرنگ سے متعلق خطرات اور چیلنجز بالخصوص رازداری، ڈیٹا تحفظ، اور سکیورٹی پروٹوکولز کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پی آئی ایس پی کی نیشنل سوشیو اکنامک رجسٹری (NSER) کو نادرا کی طرز پر ایک مرکزی اور محفوظ ڈیٹا بیس کی حیثیت سے قائم رکھنا چاہیے تاکہ ڈیٹا کی صداقت برقرار رہے اور مستحقین کی معلومات کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے محترمہ میلس گوین کو صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری کی جانب سے 21 جون کو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر بینظیر ہنرمند پروگرام کے کامیاب آغاز سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے اس اقدام کو پی آئی ایس پی کے مستحقین اور ان کے اہل خانہ کو ہنرمندی کی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کر کے معاشی طور پر بااختیار بنانے کی جانب ایک انقلابی پیش رفت قرار دیا۔ اجلاس کے اختتام پر اسلام آباد میں ڈیٹا شیئرنگ کے موضوع پر قومی سطح پر ایک ورکشاپ کے انعقاد کی تجویز دی گئی جس کا مقصد تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اس حساس موضوع کی اہمیت سے آگاہ کرنا اور محفوظ ڈیٹا کے تبادلے سے متعلق آگہی فراہم کرنا ہے۔ مزید یہ تجویز بھی سامنے آئی کہ منصوبہ بندی و ترقی کے محکموں، سماجی تحفظ کے پروگرامز اور صوبوں کے سینئر حکام کو مشاورت میں شامل کیا جائے اور ملک بھر میں ایک سلسلہ وار ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے تاکہ پاکستان کے سماجی تحفظ کے نظام میں محفوظ اور مؤثر ڈیٹا شیئرنگ کو فروغ دیا جاسکے۔

بقیہ 4

اس کامیاب ایونٹ کا انعقاد کیا۔

بقیہ 5

افسران اور عملے نے شرکت کی۔ یادداشت کے تحت الائیڈ بینک قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ان ملازمین کو، جو پارلیمنٹ ہاؤس برانچ میں اکاؤنٹ رکھتے ہیں، گھر کی تعمیر، خرید، مرمت اور گاڑی کی خریداری کے لیے سہولت فراہم کرے گا۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ یہ قرض اسکیم کم آمدنی والے ملازمین کے لیے ایک انقلابی قدم ہے، جس سے وہ اپنا گھر بنانے یا خریدنے کا خواب شرمندہ تعبیر کرسکیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قرض کے پراسیس میں کسی قسم کی سروس فیس وصول نہیں کی جائے گی، جس کا اعلان الائیڈ بینک انتظامیہ کی جانب سے کیا گیا۔ اسپیکر ایاز صادق نے اس موقع پر قومی اسمبلی کے سیکرٹری جنرل، ایڈیشنل سیکرٹری، مشیر برائے قانون سازی اور دیگر متعلقہ افسران کی کاوشوں کو سراہا۔ ساتھ ہی انہوں نے الائیڈ بینک کے فراخدلانہ تعاون پر ادارے کی انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔ ملازمین اور افسران نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسپیکر کا بھرپور شکریہ ادا کیا اور اسے قومی اسمبلی ملازمین کی فلاح کے لیے ایک تاریخی قدم قرار دیا۔

بقیہ 6

اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ بجٹ 2025-26 میں تعلیم، صحت اور ڈویلپمنٹ کیلئے سب سے زیادہ فنڈز مختص کرنے کا ریکارڈ قائم کیا گیا، عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور گڈ گورننس کے اہداف کو ہر صورت پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوام کی جماعت ہے، صوبے بھر میں یکساں ترقیاتی کام کر رہے ہیں، طلبہ کو لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ دے کر احسان نہیں حق ادا کر رہے ہیں، میری پوری توجہ عوام کی فلاح و بہبود پر ہے، ایک سال میں عوام کی بھرپور خدمت کی بہترین کاوش کی ہے، اس سال بھی کوشش جاری رہے گی۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ نے ٹیکس فری بجٹ دے کر پنجاب کے عوام کے دل جیت لئے، مریم نواز شریف نے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس اور عوامی فلاحی اقدامات کے لئے قائد نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف کی روایت کو عمدگی سے آگے بڑھایا ہے۔

بقیہ 7

ملاقات کر کے علاج معالجے کے حوالے سے سوالات کیے۔ انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی مفت ادویات، سہولیات، اور عملے کے رویے کے بارے میں دریافت کیا اور بعض شکایات پر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں۔ مشیر صحت نے کہا کہ حکومت پنجاب مریضوں کو بہتر علاج اور معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنر ذیشان شریف قیصرانی، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر، ایم ایس ڈاکٹر اشتیاق اور دیگر ماہر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ مشیر وزیراعلیٰ نے ہسپتال کے ایم ایس کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا ویژن بھی یہی ہے کے مریضوں کو تمام تر طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ تمام وارڈز اور مختلف شعبہ جات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے تفصیلی وزٹ کے بعد میڈیا سے خصوصی گفتگو کی ان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر کا رسپانس ہے وہ بہتر ہونا چاہیئے اس سے میں مایوس ہوا ہوں اور اس کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے اور امید ہے کہ میرا نیکسٹ وزٹ جو کہ دو ہفتے کے بعد دوبارہ ہوگا میں دیکھوں گا کہ یہ ہسپتال جو میں بتا کے جا رہا ہوں جو ہدایات دی ہیں اس پہ عمل ہوا کہ نہیں اس طریقے سے چل رہا ہے کہ نہیں سپیشلسٹ ڈاکٹرز کا ضروری ہے کہ سب سے پہلے اے ایم ایس ایمرجنسیز کو اوپ کو پہلے دیکھیں اور اس کے بعد انڈور یا داخل بے مریض ہیں ان کو جا کے دیکھیں اور پھر او پی ڈی میں اجائے اور ٹائمکی پابندی کریں ٹائم پہ آنے سے یہ رش جو ہمیں برامدوں میں نظر اتا ہے اور بلڈنگ میں نظر آتا ہے مریضوں کا یہ رش کم ہو جائے گا آپ انہیں اٹھ بجے سے دیکھنا شروع کردیں لیکن ایک اچھی بات یہ ہے ہسپتال کی تو مجھے کسی نے نہیں بتایا کہ اس کو باہر کی دوائی لکھ کے دی ہے اور باہر سے لانی پڑی ہے کسی کو ایسا ٹیسٹ نہیں بتایا جو کہ ہسپتال میں ہوتا ہے اور اسے کہا ہے کہ یہ باہر سے کروا کے لائیں یہ خوش آئند بات ہے دوائیاں جو ہے یہاں کوئی چیز ایسی بازار سے نہیں لانی پڑتی لیکن جس چیز سے میں خوش ہونا چاہتا ہوں کہ جہاں سے میں اس کارڈ سے گزروں اور مجھے مریض کہیں کے جی شکریہ بہت بہت ہمیں ہر چیز مل رہی ہے ہم بہت خوش ہیں ڈاکٹر صاحبان سے بڑے خوش ہیں اور نرسز سے اور سٹاف کے رویے سے خوش ہیں۔

بقیہ 8

صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ عدالت درخواست واپس لینے کی بنیاد پر مسترد اور نظر بندی کے قانون کو معطل کرنے کے احکامات کو ختم کرتی ہے۔ درخواست گزار نے نظر بندی کے قانون سے متعلق تجاویز پیش کیں، درخواست گزار کے مطابق وہ ان تجاویز کے ساتھ مطمئن ہے، درخواست گزار کی تجویز ہے کہ نظر بندی کے قانون کو مزید صاف شفاف بنایا جائے اور اس میں اپیل کا حق ہونا چاہیے۔ درخواست گزار کی تجویز ہے کہ نظر بندی قانون کے غلط استعمال پر سزا اور بھاری جرمانہ عائد کیا جائے، ہائیکورٹ کے سنگل بنچ نے نظر بندی کے قانون کو معطل کیا تھا۔

بقیہ 9

نے ساجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں بتایا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان 12 سال کے طویل وقفے کے بعد ابوظہبی میں مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کا 12 واں اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر خارجہ و نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ان کے ہم منصب شیخ عبداللہ بن زاید کی قیادت میں گزشتہ رات گئے ہونے والے اہم اجلاس کو دونوں برادر ممالک کے درمیان اسٹریٹیجک، اقتصادی اور ترقیاتی تعاون کو ایک نئی بلندی تک پہنچانے کی اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اسحاق ڈار نے اپنے نوٹ میں بتایا کہ اجلاس میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، انفرا اسٹرکچر اور آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر 3 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے، جن میں ایک بڑا اقدام دونوں ممالک کے سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزا سے استثنا کا معاہدہ ہے۔ اس کے علاوہ مصنوعی ذہانت (AI) و ڈیجیٹل معیشت میں تعاون اور مشترکہ سرمایہ کاری کے فروغ پر بھی باقاعدہ اتفاق ہوا، جو مستقبل میں دونوں ممالک کے معاشی مفادات کو مزید وسعت دے گا۔ اپنے بیان میں اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ شیخ عبداللہ بن زاید کے ساتھ ویزا سے استثنا کے معاہدے پر دستخط دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، برادرانہ تعلقات اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا عکاس ہیں۔ انہوں نے اس پیش رفت کو پاکستان اور یو اے ای کے درمیان گہرے سفارتی، تجارتی اور اقتصادی روابط کا مظہر قرار دیا۔

بقیہ 10

کرم حبیب اللہ کے مطابق پیواڑ کے سرحدی علاقے شرم خیل میں بارودی سرنگ پھٹنے سے چار افراد جاں بحق چار زخمی ہو گئے ہیں ہسپتال ذرائع کے مطابق چار افراد نواب علی، عامر حسین، ہدایت حسین اور منظر علی موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ چار افراد محمد قونین، شفاعت حسین، حسن غلام ہسپتال لائے گئے جنہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد پشاور روانہ کر دیا گیا قبائلی عمائدین نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوری طور دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور واقعے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کی جائے کیونکہ دھماکہ امن کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش ہے ڈی پی او حبیب اللہ کا کہنا ہے کہ جائے دھماکہ پر پولیس کی ٹیمیں بھجوائی گئی ہیں اور واقعے کی تحقیقات کی جارہی ہے زخمی قونین اور حسن غلام نے میڈیا کو بتایا کہ وہ پہاڑی کے قریب پہنچ رہے تھے کہ اس دوران پر بارودی سرنگ پھٹنا شروع ہوگئی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے ان کے چار ساتھی شہید ہو گئے جبکہ دو گھوڑے بھی موقع پر ہلاک ہو گئے

بقیہ 11

اٹک۔ جہلم۔ چکوال سرگودھا اور گرد و نواح کے آئیسکو صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل سنیں گے اور ان کے بروقت حل کے لئے موقع پر ہی متعلقہ دفاتر کو بھیج دیا جائے گا۔ صارفین چیف ایگزیکٹو سے بات کرنے اور اپنے بجلی سے متعلقہ مسائل کے اندراج اور ازالے کیلئے فیس بک آئی ڈی CEO-IESCO E-Kachery اور ٹیلی فون نمبر 051-9253105 پر دیے گئے اوقات کار کے دوران رابطہ کر سکتے ہیں۔ صارفین شکایات کے اندراج کے دوران اپنا نام، بل کا ریفرنس نمبر اور رابطہ نمبر ضرور بتائیں۔

بقیہ 12

والے فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن کے دوران شہادت پائی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق میجر سید معیز عباس شاہ (عمر 37 سال، ضلع چکوال کے رہائشی) کی نماز جنازہ چکلالہ گیریژن، راولپنڈی میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر وفاقی وزیر داخلہ، اعلیٰ عسکری و سول حکام، افسران اور جوانوں نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ اس موقع پر فیلڈ مارشل نے شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر سید معیز عباس شاہ نے دشمن کے خلاف دلیری سے لڑتے ہوئے جان کا نذرانہ پیش کیا، ان کی یہ عظیم قربانی بہادری، ایثار اور حب الوطنی کی اعلیٰ ترین روایتوں کی مظہر ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق فیلڈ مارشل نے کہا کہ پوری قوم ان کی شہادت پر غمزدہ بھی ہے اور ان پر فخر بھی کرتی ہے، ہم اپنے شہداء کے احسانات کا بدلہ کبھی نہیں چکا سکتے، ہمارے شہدا کا خون ہماری قومی قوت کی بنیاد ہے۔ بیان میں بتایا گیا کہ شہید کی میت ان کے آبائی علاقے روانہ کر دی گئی ہے جہاں انہیں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔

بقیہ 13

پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو ہفتوں میں دنیا نے کئی اہم واقعات دیکھے ہیں، جن کے پیش نظر اقوام متحدہ نے متعدد اجلاس منعقد کیے تاکہ تنازعات کا پرامن حل تلاش کیا جا سکے۔ پاکستانی مندوب نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ جنگ، تصادم اور طاقت کے استعمال کی بجائے، بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے امن قائم کرنے کی کوشش کرے۔

بقیہ 14

پنجاب اسمبلی کے میڈیا ہال میں گفتگو کرتے ہوئے ملک احمد خان بھچر نے کہا کہ ابھی بجٹ کا سیشن چل رہا ہے اور ان کی حرکات سامنے آ رہی ہیں، پنجاب کے صحت کے معاملے میں یہ غیر سنجیدہ ہیں، حکومت نے بجٹ میں ٹیچنگ ہسپتالوں کیلئے ایک روپیہ کا اضافہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتالوں کو ادویات کی کمی کا سامنا کرنا پڑے گا، پھر میو ہسپتال جیسے حالات ہی تمام ٹیچنگ ہسپتالوں میں ہوں گے، پی آئی سی کے لئے ایک روپیہ بھی نہیں بڑھایا گیا، چلڈرن ہسپتال کے لئے ایک روپیہ بھی نہیں بڑھایا گیا، تمام ٹیچنگ ہسپتالوں کے لئے پچھلے سال والا ہی بجٹ رکھا گیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ نشتر ہسپتال ملتان کے بجٹ میں کمی کی گئی ہے، جنوبی پنجاب کے بجٹ میں 17 کروڑ روپے کی کمی کی گئی ہے، کئی ہسپتالوں کے بجٹ میں کمی کی گئی ہے، انہوں نے صرف انفرا سٹرکچر پر زور دیا ہے انفرا سٹرکچر میں گھپلا زیادہ ہوتا ہے۔ ملک احمد خان بھچر نے کہا کہ پولیس کے بجٹ میں کمی کر لیں، انفرا سٹرکچر کے بجٹ میں کمی کر لیں، وزیر خزانہ نے بجٹ پڑھ دیا تب ان کو خامیوں کا پتہ چلا یہ 26 ویں ترمیم جیسی کالی ترامیم لے کر آ رہے ہیں، عدالتیں خود قید ہیں، عدالتیں قید سے باہر نہیں ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال میانوالی کو بند کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، ہائی پی ٹی آئی نے یہ ہسپتال بنایا اس لیے بند کیا جا رہا ہے۔ اپوزیشن لیڈر کا مزید کہنا تھا کہ عمران خان ڈیل نہیں کریں گے، ان کے کیسز میں کچھ بھی نہیں ہے، وزیراعلیٰ پنجاب اسمبلی آئیں تو بھرپور احتجاج کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب تقریر کریں گی تو ہم گونگوں کی طرح نہیں بیٹھیں گے، اسمبلی میں اپوزیشن کا احتجاج حق ہے، احتجاج ہوگا۔

بقیہ 15

کارروائی سے روک دیا گیا۔ جسٹس انوار حسین نے ویپ مال سمیت 74 ڈیلرز کی درخواست کی سماعت کا تحریری حکم جاری کیا۔ عبوری فیصلے کے مطابق پنجاب حکومت کا لاء افسر ویپ دوکانوں کو سیل کرنے کا کوئی قانونی جواز پیش نہیں کر سکا، لاء افسر نے فریقین کا شق وار جواب اور رپورٹ پیش کرنے کے لیے مہلت کی استدعا کی۔ فریقین کے وکلاء کا موقف سننے کے بعد حکم امتناع جاری کرتے ہوئے سماعت 3 جولائی تک ملتوی کردی گئی ۔ پنجاب حکومت کے لاء افسر کو جواب جمع کروانے کے لئے 3 جولائی تک کی مہلت مل گئی۔ درخواست میں چیف سیکرٹری، ہوم سیکرٹری اور سی سی پی او کو فریق بنایا گیا۔

بقیہ 16

، سماعت نہ ہونے پر واپس لوٹ گئے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے ڈی جی فوڈ اتھارٹی کو طلب کیا، دو رکنی بینچ نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی انٹر کورٹ اپیل میں التوا کی استدعا پر ڈی جی فوڈ کو طلب کیا، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید چیف جسٹس ہائیکورٹ کی عدالت پہنچے، جہاں دو رکنی بینچ نے سماعت کرنا تھی، دو رکنی بینچ کے کیسز کی کازلسٹ منسوخ ہونے کے باعث ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی واپس لوٹ گئے، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے دو ہزار بیس میں انٹرا کورٹ اپیل دائر کی گئی، فوڈ اتھارٹی نے 30 دسمبر 2019 کو سابہوال میں مقبول احمد کو غیر معیاری کوکنگ آئل، گھی، فیٹ برآمد ہونے پر گرفتار کیا تھا، فوڈ اتھارٹی نے ملزم کی گاڑی نمبری ایل ایل ایس 4691 بھی قبضہ میں لی تھی، سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ نے ملزم کو گاڑی اور دیگر سامان سپرداری پر دے دیا تھا، فوڈ اتھارٹی نے سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کے آرڈر کے خلاف ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی،، پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کیس کی پیروی کرنے کی بجائے ہائیکورٹ میں التوا کی متفرق درخواستیں دی گئیں۔

بقیہ 17

بلنگ میٹرز کو تبدیل کرنے کا حکم دیدیا۔ اس حوالے سے لیسکو نے بلنگ میٹرز کو سمارٹ میٹرز کے ذریعے تبدیل کرنے کا کام شروع کردیا ہے۔ چیف انجینئر ڈیزائن نثار سرور کو سمارٹ میٹرز کی تنصیب کے لئے اہداف دے دیئے گئے۔ لیسکو میں سافٹ ویئر اور سکیورٹی بریچ سے بجلی چوری کی نشاندہی ہوئی، سمارٹ میٹرز سے بجلی چوری کی کوشش پر کنٹرول روم میں سگنل ملے گا، سگنل کی بنیاد پر مذکورہ صارفین کے کنکشن کی چیکنگ ہو سکے گی۔ کینچی کے ناردرن اور ایسٹرن سرکل میں سمارٹ میٹرز کی تنصیب شروع کی گئی۔ سمارٹ میٹرز کی تنصیب سے بلنگ کو کنٹرول روم سے منسلک کردیا جائے گا۔ بلوں کی عدم ادائیگی پر کنٹرول روم سے کنکشن منقطع کردیا جائے گا۔

بقیہ 18

جا رہا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق بدھ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت زرعی شعبے کی ترقی کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور زرعی شعبے میں پائیدار اصلاحات سے ملکی معیشت کو مزید فروغ ملے گا، زرعی شعبے میں اصلاحات سے فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور پیداواری لاگت میں کمی آئے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ فارم میکنائزیشن کی ترویج کے لئے زرعی مشینری اور آلات پر ٹیکس بتدریج کم کیا جائے، زرعی اجناس کی سٹوریج کی صلاحیت بڑھانے کے حوالے سے اقدامات تیز کئے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ صوبوں کا زرعی شعبے کی ترقی کے لئے نئے منصوبے اور فنڈز کی فراہمی خوش آئند ہے، امید ہے کہ زرعی سکالرشپ پر چین بھیجے جانے والے افراد وطن واپسی پر زرعی شعبے کے فروغ کے لئے بطور انٹرپرینیور قابل قدر خدمات سرانجام دیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں ترقی سے سب سے زیادہ فائدہ کسانوں اور دیہی علاقوں کے رہائشیوں کو ہو گا، زراعت کی ترقی کے لئے آئندہ بجٹ میں کھاد اور زرعی ادویات پر ٹیکس نہیں لگایا جارہا۔ اجلاس میں وزیراعظم کو زرعی شعبے میں اصلاحات بالخصوص زرعی پیداوار میں اضافے، زرعی انفراسٹرکچر اور کسانوں کی آسان زرعی قرضوں تک رسائی کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بینیفشل ایگریکلچر انوویشن اینڈ گرو تھ ایکشن پلان کسانوں کی آمدنی بڑھانے، پیداوار میں اضافے اور جامع اصلاحات پر مرکوز ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ زرعی شعبے میں ویلیو ایڈیشن کر کے برآمدات سے کسانوں کی آمدنی بڑھائی جائے گی اور قیمتی زر مبادلہ کمایا جاسکے گا، قومی ٹیکنالوجی فنڈ کے منصوبے اگنائٹ کے تحت 129 زرعی سٹارٹ اپس شروع کئے جا چکے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر غذائی تحفظ رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، وزیراعظم کے چیف کوآرڈینیٹر مشرف زیدی، زرعی شعبے کے لئے وزیراعظم کے چیف کوآرڈینیٹر احمد عمیر، زرعی شعبے سے وابستہ نجی شعبے کے انٹرپرینیور اور اعلیٰ سرکاری حکام شریک تھے۔

بقیہ 19

جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے "0051 آئی جی پی شکایت سیل-1715" پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کرواسکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کرسکتا ہے، اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا ہے۔

بقیہ 20

ایس ایس پی آپریشنز نے سنگین جرائم میں ملوث متحرک گروہوں کے ممبران کو گرفتار کرنے، اسلحہ کی نمائش کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لانے اور مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹینڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت جرائم کے انسداد کے حوالے سے صدر زون اور انڈسٹریل ایریا زون کے افسران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں انڈسٹریل ایریا اور صدر زون کے ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ سابقہ ریکارڈ یافتہ مجرمان کی کڑی نگرانی کریں، پٹرولنگ کو بامقصد اور موثر بنائیں، راہزنی، چوری اور موٹر سائیکل و کار چوری کے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں اور برآمدگیوں کو یقینی بنائیں، جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لئے کریک ڈاؤن کریں، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے مزید کہا کہ تمام افسران قبضہ مافیا، منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے میں ملوث ملزمان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لائیں، سنگین جرائم کے انسداد اور ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے، عدم گرفتار ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے تفتیش کو میرٹ پر یکسو کریں، گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے، انہوں نے تمام ایس ایچ اوز کو تھانے کی سطح پر شہریوں کی شکایات کے موثر ازالے کو یقینی بناتے ہوئے ان کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے، کرپشن، بدعنوانی اور نامناسب رویہ کی شکایات پر ایکشن لیا جائے گا، اختیارات سے تجاوز قطعی برداشت نہیں کیا جائے گا، تمام افسران اپنے نظم و ضبط کو مثالی بنائیں، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اس میں کسی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 21

ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ ہے، تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجرخان بالخصوص گوجرخان سٹی میں موجود گنجان آباد و مصروف ترین بازاروں کی ہزاروں دکانوں کو چھوڑ کر قاضیاں روڈ مطوعہ میں نئے آباد ہو رہے بازار کو سول ڈیفنس کے شعبہ کی جانب سے ٹارگٹ کر کے تاجروں کو آگ بجھانے والے آلات نہ لگے ہونے پر ہزاروں لاکھوں کے جرمانے کرنے اور انکوار اولپنڈی کی کورٹس میں طلب کرنے پر تاجر برادری شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں گزشتہ سال بھی کئی تاجروں کو ایسے ہی نوٹسز موصول ہوئے تھے جن پر مبینہ طور پر ڈیلیں کر کے تاجروں سے ہزاروں لاکھوں روپے بٹور لیے گئے تھے، شہریوں نے کہا کہ اگر یہ اتنا ہ

کلینک آن وہیل منصوبہ وزیراعلیٰ کا خوش آئند اقدام ہے

سی ایم ہر شہری کو خوشحال اور صحت مند دیکھنا چاہتی ہیں ہر سیکٹر ان کی ترجیح ہے مگر صحت کی سہولیات کی بہتری پر ان کی پوری توجہ ہے

عوام کو صحت کی بہترین سہولتوں تک رسائی کا یہ حقیقی انقلاب ہے جس میں ڈاکٹر ادویات لیکر لوگوں کے گھروں تک پہنچ رہے ہیں ثاقب علی بیگ

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا صحت دوست منصوبے ''کلینک آن وہیلز'' صحت کی دستک آپ کی دہلیز پر ایک بنیادی قدم ہے جسکی ماضی میں کہیں مثال نہیں ملتی یہ تاریخی اور صحت دوست منصوبہ ہے ان خیالات کا اظہار ایڈووکیٹ ثاقب علی بیگ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا مزید برآں انھوں نے کہا کہ بڑے بڑے دعوے ہوئے مگر ہیلتھ کے شعبے میں عوام کی خدمت کے حقیقی کام سی ایم مریم نواز کے دور حکومت میں ہو رہا ہے لوگوں کو کام چھوڑ کر نوکری سے چھٹی لے کر علاج اور ادویات کے لیے لائنوں میں لگنا پڑتا (بقیہ نمبر 2 3)

اوسلو: سینیٹ کے وفد کی سربراہ سینیٹر انوشہ رحمٰن، EU کمیشن کی ایگزیکٹو نائب صدر محترمہ ہینا ورکنن (2024-2029) سے سائیڈ لائن میں ملاقات کی۔

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن

470 افراد، 357 گھروں، 73 موٹر سائیکلوں، 27 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی، 17 مشتبہ ملزمان تھانہ منتقل

دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا، سرچ آپریشنز مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے تھانہ سیکرٹریٹ کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن کے دوران 470 افراد، 357 گھروں، 73 موٹر سائیکلوں اور 27 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، دوران سرچ آپریشن 17 مشتبہ ملزمان کو تھانہ منتقل کیا گیا جبکہ دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن بھی برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 4 1)

ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ پنجاب بلال اکبر خان سٹوڈنٹس کے لئے بائیکس فراہمی سکیم ہارے منعقدہ سٹیرنگ کمیٹی کے 21 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موبائل شاپ سے چوری میں ملوث ملزم گرفتار، 10 لاکھ، 2 موبائل فون برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے موبائل شاپ سے چوری میں ملوث ملزم گرفتار کر کے مسروقہ رقم 10 لاکھ روپے اور 2 موبائل فون برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موبائل شاپ سے چوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق اس کا بھتیجا دوکان سے سامان چوری کرتا رہا ہے، زیر حراست شخص سے مسروقہ رقم 10 لاکھ روپے اور 02 موبائل فون برآمد ہوئے، (بقیہ نمبر 4 2)

کندھ کوٹ، خادم لاشاری کے رہائشیوں کا احتجاجی مظاہرہ

کچھ دن پہلے سمیجا برادری کے لوگوں نے ہمارے گاؤں کے اوپر حملہ کیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ بی سیکشن تھانے کی حدود میں گاؤں خادم لاشاری کے رہائشیوں کا سمیجا برادری کے لوگوں کے خلاف احتجاج۔ کندھ کوٹ تھانہ بی سیکشن کی حدود میں کچھ دن پہلے سمیجا برادری کے لوگوں نے ہمارے گاؤں کے اوپر حملہ کیا جس کے نتیجے میں کچھ لوگ زخمی ہوئے تھے اور بعد میں سمیجا برادری نے حملے کے بعد ہمارے گھروں (بقیہ نمبر 3 5)

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ صادق آباد، ریس کورس، گوجر خان اور جاتلی کے علاقوں میں کی گئیں (بقیہ نمبر 2 5)

آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کا احتجاج

ماسٹر چوہدری نوید شہزاد کھرل سمیت پنجاب ٹیچرز ایسوسی ایشن کی بھرپور شرکت

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کے زیر اہتمام معاشی استحصال، ظالمانہ بجٹ اصلاحات، انکم ٹیکس کٹوتیوں اور پنشن وگریجویٹی میں بے رحمانہ ترامیم کے خلاف ایک بڑی احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی مسجد شہداء مال روڈ لاہور سے شروع ہو کر پنجاب اسمبلی تک پہنچی، جہاں مظاہرین نے شدید نعرے بازی کی اور حکومت پنجاب سے مطالبات کی منظوری پر زور دیا۔ ریلی میں پنجاب بھر سے (بقیہ نمبر 4 2)

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں سرسپورٹس کیمپس کے انتظامات کے حوالے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ چین وسط اگست میں متوقع

شہباز شریف چین میں ایس سی او سربراہی اجلاس میں بھی شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ چین وسط اگست میں متوقع ہے۔ شیڈول کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق شہباز شریف اعلیٰ چینی قیادت کی دعوت پر چین کا اہم دورہ کریں گے۔ شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس میں شرکت بھی وزیراعظم کے دورے کا حصہ ہوگی۔ دورہ کے دوران دوطرفہ ملاقاتوں (بقیہ نمبر 4 3)

اسلام آباد تیسرے دن بھی احتجاج جاری رہا

عوامی امن مارچ کو اردو میڈیا کی جانب سے نظرانداز کیے جانے پر مظاہرین کا احتجاج

کشمور (سید رشید احمد شاہ) اسلام آباد تیسرے دن بھی احتجاج جاری رہا کشمور۔ کندھ کوٹ کے عوامی امن مارچ کو اردو میڈیا کی جانب سے نظرانداز کیے جانے پر مظاہرین کا احتجاج اسلام آباد تیسرے دن بھی جاری رہا ضلع کشمور۔ کندھ کوٹ سے شروع ہونے والا پرامن عوامی مارچ اس وقت اسلام آباد کے نیشنل پریس کلب کے سامنے جاری رہا، تاہم اردو میڈیا کی جانب سے کوریج نہ ملنے پر مظاہرین نے شدید (بقیہ نمبر 3 6)

لاہور: آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس (آیگا) کے زیر اہتمام پنجاب بھر کے اساتذہ وملازمین اپنے مطالبات کے حق میں پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں۔

راولپنڈی، خود کو حساس ادارے کا افسر ظاہر کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے خود کو حساس ادارے کا افسر ظاہر کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خود کو حساس ادارے کا افسر ظاہر کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص نے اپنا تعارف حساس ادارے کے سینئر افسر کے طور پر کروایا، زیر حراست شخص نے کارڈ دکھایا جو جعلی نکلا۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ گرفتار شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر (بقیہ نمبر 4 5)

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق چکلالہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 800 گرام چرس برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 520 چرس برآمد کی، روات پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 05 لیٹر شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے (بقیہ نمبر 2 6)

مون سون بارشوں کا آغاز، متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت

بیشتر اضلاع میں تیز آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی پیشگوئی

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں مون سون بارشوں کا آغاز ہو چکا ہے اور پہلا سسٹم یکم جولائی تک جاری رہنے کی توقع ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے ترجمان کے مطابق پنجاب کے بیشتر اضلاع میں تیز آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید نے صوبے بھر (بقیہ نمبر 2 7)

راولپنڈی، آتش بازی کا سامان لے کر جانیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے جانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے سامان آتش بازی برآمد ہوا۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ آتش بازی کے زریعے شہریوں کی جان خطرے (بقیہ نمبر 2 9)

ایل ایل بی پروگرام کا دورانیہ 5 سال سے کم کرنے کا حکم

قانون کی تعلیم حاصل کرنے والوں کے لیے سی لا کا ٹیسٹ بھی ختم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ایل ایل بی پروگرام پانچ سے سال سے کم کر کے چار سال کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے پانچ رکنی آئینی بینچ نے لیگل ایجوکیشن ریفارمز کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے بیرون ملک سے قانون کی تعلیم حاصل کرنے والوں کے لیے سی لا کا ٹیسٹ بھی ختم کرنے کی (بقیہ نمبر 2 8)

راولپنڈی۔ گاڑیاں اور موٹر سائیکل سوار مسلسل موسلا دھار بارش کے دوران مریڈ چوک پر جمع بارش کے پانی میں سے گزر رہے ہیں

کری روڈ قبرستان پر قبضہ مافیا سرگرم، جعلی قبریں بیچنے کا انکشاف

ایک بااثر شخص، سراج خان، نے قبرستان کی زمین پر غیر قانونی قبضہ جما رکھا ہے اور اسے ذاتی مالی مفادات کے لیے استعمال کر رہا ہے

سراج خان نے نہ صرف قبرستان کی زمین پر غیر قانونی پارکنگ قائم کر رکھی ہے بلکہ تعمیراتی سامان کا غیر مجاز ٹھیہ بھی وہاں لگا رکھا ہے، اہل علاقہ

راولپنڈی: میونسپل لیبر یونین کے صدر راجہ ہارون اور جنرل سیکرٹری پاسٹر شاہد رضا ون ویژن سوسائٹی کے تعاون سے میونسپل کارپوریشن کے ملازمین میں مفت واٹر فلٹرز تقسیم کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (احمد ضمیر سے) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے کری روڈ میں واقع سرکاری قبرستان پر قبضہ مافیا کی سرگرمیاں زور پکڑ چکی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایک بااثر شخص، سراج خان، نے قبرستان کی زمین پر غیر قانونی قبضہ جما رکھا ہے اور اسے ذاتی مالی مفادات کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ مقامی افراد کی شکایات کے مطابق، سراج خان نے نہ صرف قبرستان کی زمین پر غیر قانونی پارکنگ قائم کر رکھی ہے بلکہ تعمیراتی سامان کا غیر مجاز ٹھیہ بھی وہاں لگا رکھا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 4 6)

جنرل ہسپتال میں ایمرجنسی ڈیزاسٹر ریسپانس سپروائزری ٹیم تشکیل

ڈی واٹرنگ پمپس فنکشنل، چھتوں اور سیوریج پائپوں کی صفائی کو یقینی بنایا جائے

موسم برسات میں استعمال ادویات کا وافر ذخیرہ رکھیں، پروفیسر فاروق افضل

لاہور (این این آئی) لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ نے مون سون اور موسم برسات کے پیش نظر مریضوں کو بلاتعطل علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی جاری رکھنے اور ہسپتال کے نشیبی حصوں میں جمع ہونے والے بارشی پانی کے بروقت اخراج کے لئے "ایمرجنسی ڈیزاسٹر ریسپانس سپروائزری ٹیم" تشکیل دے دی۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر فاروق افضل کی منظوری کے بعد ایم ایس ایل جی ایچ ڈاکٹر فریاد حسین نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔'' ایمرجنسی ڈیزاسٹر ریسپانس سپروائزری ٹیم'' کے ممبران کو ذمہ داریاں تفویض کر دی گئی ہیں۔ کمیٹی میں سینئر انتظامی ڈاکٹرز، ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ، چیف فارماسسٹ، شعبہ ورکس کے ملازمین اور سینٹری انسپکٹرز شامل ہیں۔ یہ کمیٹی پری مون سون اور (بقیہ نمبر 3 7)

ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں 6 افراد جاں بحق

ٹھوکر کنال پل نہر سے نومولود بچے کی لاش برآمد ہوئی، تحقیقات جاری

لاہور (این این آئی) شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق ٹھوکر کنال پل نہر سے نومولود بچے کی لاش برآمد ہوئی، ریسکیو ایمرجنسی گاڑیاں جائے حادثہ پر پہنچیں، ریسکیو غوطہ خور ٹیم نے لاش نہر سے نکال لی اور لاش کو پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس نے تحقیقات شروع کر دی ہے۔ گجر پورہ، کرول گھاٹی تیز رفتار ٹرک نے رات گئے 30 سالہ راہگیر کو کچل دیا، چوہنگ، چوہنگ (بقیہ نمبر 3 8)

راولپنڈی۔ جامعہ مسجد روڈ پر جاری موسلا دھار بارش کے دوران پانی کھڑا ہونے سے سیلاب جیسی صورتحال

جعلی، فینسی، غیر نمونہ اور بغیر نمبر پلیٹس گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

پہلے 03 روزہ آگاہی مہم کا آغاز، 27 جون سے مقدمات درج ہوں گے

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے غیر نمونہ، فینسی، جعلی اور بغیر نمبر پلیٹس والی وہیکلز کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے پہلے 3 روزہ آگاہی مہم کا حکم جاری کر دیا، 27 جون بروز جمعہ سے جعلی اور غیر نمونہ نمبر پلیٹس کیخلاف (بقیہ نمبر 4 7)

مائنس عمران خان کیلئے ہماری لاشوں سے گزرنا پڑے گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے دعویٰ کیا کہ صوبائی حکومت کو گرانے کی سازش ہو رہی تھی تاہم بجٹ پاس کر کے انہوں نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی واحد حکومت کو ختم ہونے سے بچا لیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ایک منصوبہ تھا کہ کسی طرح صوبائی بجٹ پاس نہ ہو تاکہ صوبے میں مالیاتی ایمرجنسی اور گورنر راج لگا کر ہماری حکومت گرائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 4 8)

ایران اسرائیل جنگ بندی میں پاکستان کا بھی کردار اہم

امریکی صدر، فیلڈ مارشل کی ملاقات میں پیشرفت ہوئی، خواجہ سعد رفیق

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران، اسرائیل جنگ بندی کی کوششوں میں پاکستان بھی مسلسل شریک رہا جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ملاقات میں بھی اس حوالے سے پیشرفت ہوئی۔ سماجی رابطے کی ویب ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران اسرائیل جنگ بندی ایک تجزیہ، یہ جنگ بندی ایران اور (بقیہ نمبر 4 9)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور ایم این اے سید خورشید شاہ کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات

گاڑیاں چھیننے، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مطلوب دو منظم گروہوں کے چھ ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گاڑیاں بک کر کے اسلحہ کی نوک پر چھیننے اور موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو منظم گروہوں کے چھ ارکان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ بنی گالہ اور تھانہ گولڑہ پولیس ٹیموں نے گاڑیاں بک کر کے اسلحہ کی نوک پر چھیننے، موٹر سائیکل چوری اور منشیات فروشی میں ملوث دو منظم گروہوں کے چھ ارکان کو گرفتار کر لیا، (بقیہ نمبر 5 0)

شنگھائی تعاون تنظیم کی سلامتی کونسل کے سیکرٹریز کا اجلاس

مشیر قومی سلامتی لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک کی چینی قیادت سے ملاقاتیں

بیجنگ (این این آئی) مشیر قومی سلامتی لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم ملک نے چینی قیادت کیساتھ ملاقاتیں کر کے سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے چین میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سلامتی کونسل کے سیکرٹریز کے اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے عالمی صورتحال اور امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے موقف کا اعادہ کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے چینی قیادت کو پاکستان کی جانب سے پرامن ہمسائیگی کا پیغام (بقیہ نمبر 3 9)

اسلام آباد: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود، ایلومنائی کارنر کے افتتاح کے بعد وزیٹرز بک میں اپنے تاثرات درج کر رہے ہیں

آر پی او راولپنڈی ریجن کی تھانہ ٹیکسلا میں کھلی کچہری

شہریوں نے کثیر تعداد میں اپنی درخواستیں پیش کی جن پر آر پی او نے موقع پر موجود افسران کو شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے احکامات جاری کیے

کھلی کچہری میں ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی، ایس ڈی پی او ٹیکسلا، ایس ایچ اوز سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

راولپنڈی (این این آئی) آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے حکومت پنجاب کے ویژن اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت تھانہ ٹیکسلا میں کھلی کچہری کا انعقاد کا انعقاد کیا، کھلی کچہری میں شہریوں نے کثیر تعداد میں اپنی درخواستیں پیش کی جن پر آر پی او نے موقع پر موجود افسران کو شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن (بقیہ نمبر 3 0)

قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریگی

شہداء نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جنوبی وزیرستان میں بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آپریشن میں شہید میجر معیز عباس شاہ اور لانس نائیک جبران اللہ کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بدھ کو اپنے پیغام میں سپیکر نے کہا کہ جری سپوتوں نے 11 بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو واصل جہنم کر کے بہادری کی مثال قائم کی۔ سپیکر نے شہدا کے اہل خانہ (بقیہ نمبر 3 1)

ایک منشیات فروش گرفتار، 2 کلو 200 گرام ہیروئن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے ایک منشیات فروش گرفتار کر کے 2 کلو 200 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 2 کلو 200 گرام ہیروئن برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائیاں جاری رہیں گی۔

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے 200 ارب ڈالر کی ضرورت ہے

وزارت موسمیاتی تبدیلی ایک گرین یونیورسٹی قائم کرنے جا رہی ہے، مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی کے اجلاس میں وفاقی وزیر مصدق ملک نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان کو کلائمٹ فنانسنگ کے لیے 100 سے 200 ارب ڈالرز کی ضرورت ہے، جب کہ عالمی سطح پر موسمیاتی انصاف کا شدید فقدان ہے۔ چیئرپرسن شیری رحمٰن کی زیر صدارت اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں ملک میں موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے اقدامات اور بجٹ کٹوتیوں پر تفصیل سے بات (بقیہ نمبر 3 2)

سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ رقم 15 ہزار 500 برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث ملزم گرفتار کر کے مسروقہ رقم 15 ہزار 500 روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے مسروقہ رقم 15 ہزار 500 روپے برآمد ہوئی۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ زیر حراست ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، (بقیہ نمبر 3 4)

حسن ابدال، موٹروے پر تیز رفتار مسافر بس بارش میں اُلٹ گئی

ایک خاتون جاں بحق، 25 افراد زخمی، امدادی سرگرمیاں جاری، زخمی ہسپتال

حسن ابدال (این این آئی) موٹروے پر تیز رفتار مسافر بس بارش میں اُلٹ گئی، ایک خاتون جاں بحق، 25 افراد زخمی۔ ریسکیو 1122 نے ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا، حادثہ بارش میں تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پشاور موٹروے M-1 پر کراچی سے باجوڑ جانے والی تیز رفتار مسافر بس (بقیہ نمبر 3 3)

گوجر خان میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مسلہ شدت اختیار کر گیا

شدید چھلساتی گرمی میں گھنٹوں بجلی غائب رہنے لگی بزرگ بچے اور بیمار شدید اذیت کا شکار منتخب نمائندے ستو پی کر سو گئے

سردیوں میں جو مینٹیننس کے نام پر بجلی بند رکھنے کے باوجود گرمی میں آئے روز پرمٹ کے نام پر بجلی بند ہونا سمجھ سے بالاتر ہے شہری

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان میں پرمٹ کے نام پر رات دن گھنٹوں بجلی بند رکھ کر محکمہ واپڈا نے عوام کا جینا محال کر دیا اس تمام تر صورتحال پر عوامی سماجی حلقوں نے اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید قہر ڈھاتی گرمی میں آئے دن گوجر خان شہر اور گردونواح میں بجلی بند رہنا معمول بن گیا ایک طرف سورج شعلے اگل رہا ہے اور دوسری جانب واپڈا گوجر خان نے بھی انت مچائی ہوئی ہے جس کی وجہ سے بزرگ بچے اور مریض خواتین حضرات کا برا حال ہو گیا لوگوں کے گھر جھلساتی (بقیہ نمبر 5 2)

''را'' کو بڑا جھٹکا، پنجاب اور کراچی سے 10 ایجنٹس گرفتار

حساس مقامات کی معلومات، فنڈنگ، سہولت کاری میں معاونت فراہم کرتے تھے

لاہور/ کراچی (این این آئی) انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ پنجاب، سندھ پولیس اور حساس اداروں کی پنجاب اور کراچی میں مشترکہ کارروائیوں کے دوران بھارتی خفیہ ایجنسی را کے 10 ایجنٹس کو گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزمان بھارتی خفیہ ایجنسی کو حساس مقامات کی معلومات، فنڈنگ، سہولت کاری اور تخریب کاری میں معاونت فراہم کرتے تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے صوبے کے مختلف اضلاع میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' کے 6 سہولت کار کو گرفتار کر لیا ہے۔ سی ٹی ڈی نے صوبے میں موجود بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورک (بقیہ نمبر 5 1)

جلوسوں اور مجالس کے داخلی و خارجی راستوں کی سخت چیکنگ کا حکم

تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے قریبی رابطہ رکھا جائے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی و دیگر انتظامات کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ محسن نقوی نے جلوسوں اور مجالس کے داخلی و خارجی راستوں کی سخت چیکنگ کا حکم دیا ہے۔ اجلاس میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور دیگر شریک ہوئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ اشتعال انگیز مواد کے خلاف زیرو ٹالرنس اور سوشل میڈیا کی کڑی مانیٹرنگ ہوگی، جلوسوں اور مجالس کی نگرانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 5 3)

دفاتر جاتی خواتین کو ٹارگٹ کرنے والا جھپٹا مار گینگ گرفتار

سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو دفتر جاتی خاتون کا پرس چھینتے دیکھا جا سکتا ہے

لاہور (این این آئی) شہر میں دفاتر جاتی خواتین کو ٹارگٹ کرنے والے جھپٹا مار گینگ کو ٹھوکر سے گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایچ او فیصل ٹاؤن افضال رؤف نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کی۔ دوران کارروائی 3 رکنی گروپ کو ٹریس کر کے ٹھوکر سے گرفتار کیا گیا۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو دفتر جاتی خاتون کا پرس چھینتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ملزمان صبح کے وقت دفتر، کالج اور یونیورسٹی جاتی خواتین کو ٹارگٹ کرتے تھے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ (بقیہ نمبر 4 0)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com